E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ شمال ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | جمعۃ المبارک 23 رمضان المبارک 1447ھ 13 مارچ 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 18

بابر سلیم سواتی کی خصوصی کاوش سفیدہ میں لڑکوں کے ڈگری کالج کے قیام کی منظوری

گلی باغ (نمائندہ خصوصی) بابر سلیم سواتی کی خصوصی کاوش، سفیدہ میں لڑکوں کے ڈگری کالج کے قیام کی منظوری۔ اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی کی کاوشوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

ہزیپو کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق گڑھے سے نعش برآمد

دوران انٹاگیشن ملزم نے اعتراف کیا کہ اس نے اپنی زمینوں پر کرنٹ چھوڑ رکھا تھا جس کی زد میں آکر مقتول حفیظ جان کی بازی ہار گیا

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر ساجد اعوان) ڈنگی میں کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق نعش گڑھا کھود کر چھپا دی گی مقتول کے بھائی نے نعش دفن کر کے بھائی کی گمشدگی کی رپورٹ درج کروادی ملزم بھائی گرفتار۔ ذرائع کے مطابق تھانہ کوٹ نجیب اللہ پولیس کی بھروقت کامیاب ڈکاروائی ڈنگی 23 سالہ حفیظ کے قتل میں ملوث ملزم قلیل وقت میں گرفتار ملزم نے اپنے کھیتوں میں کرنٹ چھوڑ رکھا تھا جس کی زد میں مقتول آکر جان کی بازی ہار گیا۔ ملزم نے لاش چھپانے کی غرض سے گڑھا کھود کر دفنا دیا تھا۔ ذرائع کے مطابق تھانہ کوٹ نجیب اللہ کی حدود ڈنگی میں سیف اللہ سکنہ ڈنگی نے اپنے بھائی 23 سالہ حفیظ کی گمشدگی کی رپورٹ تھانہ میں درج کروائی کہ وہ فصل کو پانی دینے کی غرض سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

مانسہرہ، فقہ جعفریہ کے زیر اہتمام 21 رمضان المبارک شہادت حضرت علی کے موقع پر عزاداران ماتم کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل بٹگرام ضیاء الرحمٰن کا بٹگرام بازار کا دورہ

دورے کے دوران ضیاء الرحمٰن نے بازار میں قائم عارضی تجاوزات کے خلاف کارروائی کی

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل بٹگرام ضیاء الرحمٰن نے بٹگرام بازار کا دورہ کرتے ہوئے مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے بازار میں قائم عارضی تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

بفہ اچھڑیاں مدرسہ گیر گروہ متحرک گائے اور بچھڑے چوری

متاثرہ شخص عبدالحق جو کہ موٹر وے پولیس پاکستان کے حاضر سروس ملازم ہیں نے واقعے کی رپورٹ تھانہ بفہ میں درج کرادی ہے، تحقیقات شروع

بفہ (خبر نگار) موضع اچھڑیاں میں ایک مرتبہ پھر رسہ گیر گروہ متحرک ہوگیا گزشتہ شب نامعلوم رسہ گیر گروہ ایک مویشی باڑے سے چار عدد دودھ دینے والی گائیں اور دو بچھڑے چوری کر کے لے گئے متاثرہ شخص عبدالحق جو کہ موٹر وے پولیس پاکستان کے حاضر سروس ملازم ہیں نے واقعے کی رپورٹ تھانہ بفہ میں درج کرادی ہے جبکہ پولیس نے جائے وقوعہ کا معائنہ کر کے تحقیقات شروع (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

رمضان سپورٹ پیکیج سے کٹوتی کا انکشاف

خیبر کیش ایجنٹوں نے لٹ مچادی

حکومت خیبر پختونخواہ کی جانب سے غریب افراد کو رمضان سپورٹ پیکیج کے تحت بھیجی جانے والی ساڑھے بارہ ہزار روپے کی امدادی رقم میں سے بعض مقامات پر 200 سے 300 روپے تک کٹوتی کی جارہی ہے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایبٹ آباد میں خیبر کیش کے ایجنٹوں نے رمضان المبارک میں لٹ مچادی حکومت خیبر پختونخواہ کی جانب سے غریب افراد کو رمضان سپورٹ پیکیج کے تحت بھیجی جانے والی ساڑھے بارہ ہزار روپے کی امدادی رقم میں سے بعض مقامات پر 200 سے 300 روپے تک کٹوتی کی جارہی ہے شہریوں کے مطابق بلال موبائل، کچہری بازار میں تقریباً 250 روپے جبکہ بسم اللہ موبائل زون، ٹاچی چوک پر 200 روپے کٹوتی کی جارہی ہے۔ اسی طرح جب پل، جھنگی سیداں ایبٹ آباد میں واقع عمران موبائل پر بھی شہریوں سے 300 روپے تک اضافی رقم وصول کی جارہی ہے۔ اس کے علاوہ سپلائی بازار اور منڈیاں کے علاقوں میں بھی اضافی رقم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ڈومسائل برانچ ڈی سی آفس مانسہرہ

کے عملہ کی فرض شناسی قابل تحسین ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈومیسائل برانچ ڈی سی آفس مانسہرہ کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

ایس پی سٹی شاہنواز خان کا تھانہ شنکیاری کا سرپرائز وزٹ

دورانِ وزٹ ایس پی سٹی نے تھانہ کے مختلف شعبہ جات اور ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈی پی او مانسہرہ اظہر خان کے احکامات کی روشنی میں ایس پی سٹی شاہنواز خان نے تھانہ شنکیاری کا سرپرائز وزٹ۔ دورانِ وزٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

محلّہ ٹینکی میں بااثر شخصیت نے تجاوزات کر کے پانی روک لیا

زمینداروں کو فصلوں تک پانی کی رسائی نہ ملنے کے باعث زمینیں بنجر ہونے کا خدشہ

ہری پور (کرائم رپورٹر) شاہراہ ریشم محلّہ ٹینکی میں بااثر شخصیت نے آبی گزرگاہ (کٹھہ) پر غیر قانونی طور پر تجاوزات قائم کر کے پانی روک لیا سیوریج کا نظام بری طرح مفلوج جبکہ زمینداروں کو فصلوں تک پانی کی رسائی نہ ملنے کے باعث درجنوں دیہاتوں کی زرخیز زمینیں بنجر ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا اس حوالے سے زمیندار کسان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

مانسہرہ نجی بینکوں میں اچانک الارم بجنے سے تاجروں و شہریوں میں خوف و ہراس

سیکیورٹی الارم نصب کیے گئے ہیں تاہم بعض بینکوں میں یہ الارم شاید کسی خرابی کی وجہ سے بغیر کسی وجہ کے اچانک بجنے لگتے ہیں، شہری

مانسہرہ (نمائندہ شمال) نجی بینکوں میں اچانک الارم بجنے سے تاجروں و شہریوں میں خوف و ہراس پایا جانے لگا، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر کے بعض نجی بینکوں میں بغیر کسی خطرے یا مسئلے کے اچانک سیکیورٹی الارم بجنے کے واقعات سامنے آئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

مانسہرہ اسسٹنٹ کمشنر ثناء فاطمہ، تحصیلدار محمد بشیر لنڈا بازار میں افغان مہاجر کی شاپ سیل کررہے ہیں

سرمد سلیم اکرم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرفارمنس ریویو اجلاس

مختلف ضلعی محکموں، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور ریونیو افسران کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرفارمنس ریویو اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا جس میں مختلف ضلعی محکموں، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور ریونیو افسران کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران پاکستان سٹیزن پورٹل اور چیف منسٹر اختیار پورٹل پر موصول ہونے والی شکایات، ریگولیٹری انسپکشنز، گڈ گورننس فریم ورک، ٹاسک مینجمنٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

مانسہرہ میں منصوعی مہنگائی کے خلاف کارروائیاں

مانسہرہ (چیف رپورٹر) مصنوعی مہنگائی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں جاری ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اسد محمود لودھی کا مختلف بازاروں کا دورہ صوبائی حکومت اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

خیبر پختونخوا میں ہائی کورٹس اور لوئر کورٹس کو تین دن کی چھٹیاں

تاہم ضروری اور فوجداری نوعیت کے مقدمات کی سماعت کے لیے مخصوص عدالتیں کھلی رہیں گی

ہری پور (کورٹ رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ہائی کورٹس اور لوئر کورٹس کو تین دن کی چھٹیاں، خیبر پختونخوا میں ہائی کورٹس اور لوئر کورٹس کو تین دنوں (جمعہ، ہفتہ اور اتوار) کی چھٹیاں دے دی گئی ہیں، اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفیکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے، اعلامیے کے مطابق صوبہ بھر میں عام عدالتی امور ان دنوں بند رہیں گے، تاہم ضروری اور فوجداری نوعیت کے مقدمات کی سماعت کے لیے مخصوص عدالتیں کھلی رہیں گی تاکہ عوام کو فوری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

عید تک سرکل پھلڑہ تھانہ جات کو الرٹ کردیا گیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیاء نے عیدالفطر تک تھانہ جات کو ہائی الرٹ کردیا گزشتہ روز ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیاء نے تھانہ پھلڑہ اور تھانہ لساں نواب کو عیدالفطر تک ہائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

پھلڑہ علمائے کرام کیخلاف زبان درازی کرنیوالے ہوش کے ناخن لیں

سیکیورٹی الارم نصب کیے گئے ہیں تاہم بعض بینکوں میں یہ الارم شاید کسی خرابی کی وجہ سے بغیر کسی وجہ کے اچانک بجنے لگتے ہیں، شہری

پھلڑہ (نمائندہ شمال) علمائے کرام کے خلاف زبان درازی کرنے والے علمائے کرام کو ملنے والی حکومت کا دوسروں سے موازنہ کریں مولانا مفتی محمود جن دنوں صوبہ سرحد (خیبر پختونخوا) کے وزیراعلیٰ تھے، انہوں نے کبھی وزارتِ اعلیٰ کی تنخواہ وصول نہیں کی اور صرف قومی اسمبلی کے رکن کی ماہانہ پندرہ سو روپے تنخواہ پر ہی اپنا گزر بسر کیا۔ خان عبدالولی خان کی نیشنل عوامی پارٹی کے تعاون (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم ڈسٹرکٹ پرفارمنس ریویو کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملکی ترقی میں نوجوانوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے

نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ تعلیم، تحقیق اور محنت کو اپنا شعار بنائیں، خرم حنیف خان

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) مانسہرہ کی ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت اور سابق تحصیل ناظم مانسہرہ خرم حنیف خان کے فرزند بیرسٹر قاسم حسین نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک کی ترقی اور خوشحالی میں نوجوانوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ اگر نوجوان اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں بروئے کار لائیں تو ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

یومِ علی کے موقع پر مانسہرہ میں پروقار تقریب و افطار ڈنر کا اہتمام

یہ اہتمام سابق تحصیل ناظم مانسہرہ خرم حنیف خان کے صاحبزادے بیرسٹر قاسم خان نے کیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ یوم علی کے موقع پر مانسہرہ میں ایک پروقار دعائیہ تقریب اور افطار ڈنر کا انعقاد کیا گیا جس کا اہتمام سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی حنیف خان کے پوتے اور سابق تحصیل ناظم مانسہرہ خرم حنیف خان کے صاحبزادے بیرسٹر قاسم خان خیل نے کیا۔ تقریب میں سیاسی و سماجی شخصیات، بلدیاتی نمائندوں، صحافی برادری اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

مانسہرہ، سابق تحصیل ناظم مانسہرہ خرم حنیف خان کے فرزند بیرسٹر قاسم حسین خٹکیل کی جانب سے یوم علی کے حوالے سے دعائیہ تقریب کے موقع پر

ایبٹ آباد بورڈ کا چارج چیلنج سمجھ کر قبول کیا ہے، عنایت اللہ وسیم

ایبٹ آباد بورڈ کا عملہ میٹرک کے شفاف امتحانات کے انعقاد کے لئے مصروف ہے، چیئرمین

خواجگان (ذکریا طارق خان) ایبٹ آباد بورڈ کا چارج چیلنج سمجھ کر قبول کیا ہے طلبا طالبات کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروں گا میرے آفس کے دروازے تمام عوام کے لئے کھلے رہیں گے ان خیالات کا اظہار نوتعینات چیئرمین ایبٹ آباد بورڈ عنایت اللہ وسیم نے کیا انھوں نے کہا کہ ایبٹ آباد بورڈ کا عملہ میٹرک کے شفاف امتحانات کے انعقاد کے لئے مصروف ہے ذہین طلبا وطالبات کا تعلق سرکاری اداروں سے ہو یا نجی اداروں سے بورڈ ایسے طلبا طالبات کی حوصلہ افزائی کرے گا نقل اور بوٹی مافیا کے خاتمے کے لئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

تحصیلدار اوگی (اسپیشل پرائس مجسٹریٹ) محمد ریاض نے پھام گلی دلیوڑی بازار و مضافات کا معائنہ

اہم اجلاس، تاجروں کو حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد کی ہدایت

اجلاس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر مانسہرہ ثنا فاطمہ نے کی، تاجروں کی بھرپور شرکت

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پیٹرول بحران کے حوالے سے اہم اجلاس، تاجروں کو حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد کی ہدایت، اجلاس کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر مانسہرہ ثنا فاطمہ نے کی جبکہ اجلاس میں تاجران رہنما ملک شکیل اعوان، رضا محمد خان ودیگر بھی شریک تھے۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور ممکنہ پیٹرول بحران کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر مانسہرہ میاں عادل بنزاد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ثنا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

پھلڑہ پرنسپل ہائر سیکنڈری سکول پھلڑہ صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

ہفتہ میں تین چھٹیاں، پی ٹی آئی حکومت تعلیمی تباہی کررہی ہے، مشتر کہ بیان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پی ٹی آئی حکومت نے کے پی کے میں دیگر تباہ کاریوں کے ساتھ ساتھ اب تعلیمی تباہی کے لئے جمعہ اور ہفتہ کو بھی تعلیمی ادارے بند رکھنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

مانسہرہ سبزی منڈی گلگان موڑ میں 6 افغانیوں کی دوکانیں سیل

اے سی محمد الیاس، سیکیورٹی انچارج شعبان خان سواتی نے کارروائی کرتے ہوئے دوکانوں کو سیل کیا

مانسہرہ (چیف رپورٹر) مانسہرہ سبزی منڈی گلگان موڑ چھ افغان مہاجرین کی دوکانیں اے سی محمد الیاس، سیکیورٹی انچارج شعبان خان سواتی نے سیل کردیں، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ میں قائم نیو سبزی منڈی میں افغان مہاجرین غیر قانونی طور پر رہائش پذیر ہیں جن کو بار بار نوٹس دیا گیا گزشتہ روز اے سی محمد الیاس نے چھ دوکانیں سیل کردیں اور چھ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

مقامی صحافتی تنظیم ایکسپوز نیوز خانپور کے پلیٹ فارم سے افطار ڈنر کا اہتمام

شرکاء کی جانب سے مقامی صحافتی تنظیم ایکسپوز نیوز کے ذمہ داران و میزبانوں کا شکریہ ادا کیا گیا

ہری پور (ڈپٹی بیورو رپورٹ) مقامی صحافتی تنظیم ایکسپوز نیوز خانپور کے پلیٹ فارم سے 21 رمضان المبارک، شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہ کے موقع پر مقامی سیاسی، سماجی و عوامی حلقوں کیلئے ہیڈ آفس خانپور میں پر وقار افطار ڈنر کا پروگرام منعقد ہوا۔ مہمانوں کی آمد کے موقع پر میزبان صحافتی تنظیم کے مینیجنگ ڈائریکٹر محمود اختر، صدر خانپور یونین آف جرنلسٹ ملک رحم نواز، سیکریٹری فنانس اویس خان، راجہ محمد سفیر، راجہ ساجد زمان اور خلیل اعوان کے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ جس میں اسسٹنٹ کمشنر خانپور قاضی جنید خالد، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

افراسیاب زبیر اور کنٹونمنٹ بورڈ افسران کے ہمراہ منڈیاں روڈ کا دورہ

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایس ایس پی ٹریفک ایبٹ آباد اشتیاق خان کی جانب سے اے ہیڈ کوارٹر افراسیاب زبیر اور کنٹونمنٹ بورڈ افسران کے ہمراہ منڈیاں روڈ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران پلازوں اور دکانوں کے باہر موجود کھلے نالوں، تجاوزات اور دیگر مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر پلازہ یا دکان مالک اور متعلقہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

انسپکٹر وارث خان سواتی کو بہتر کارکردگی پر شیلڈ وانعام دیا گیا

مانسہرہ (چیف رپورٹر) انسپکٹر وارث خان سواتی کو بہترین کارکردگی پر ڈی آئی جی ہزارہ ناصر محمود دستی نے شیلڈ اور نقد انعام دیا تفصیلات کے مطابق اوگی میں تعینات تفتیشی افسر انسپکٹر وارث خان جو کہ دو دفعہ ایس ایچ او بفہ اور مانسہرہ میں اپنی خدمات سرانجام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

وارث خان اوگی انویسٹیگیشن انسپکٹر ڈی آئی جی خیبر پختونخوا ناصر محمود دستی سے تعریفی سرٹیفکیٹ حاصل کر رہے ہیں

پریس کلب ایکٹ لانے اور اس کے باقاعدہ رولز بنانے کا فیصلہ

ہری پور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا حکومت نے صوبے میں حقیقی صحافت کے فروغ اور پیشہ ورانہ صحافتی معیار کو بہتر بنانے کے لیے پریس کلب ایکٹ لانے اور اس کے باقاعدہ رولز بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع اللہ جان کا کہنا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

صابر حسین آف سانڈے سرانقال کر گئے

سانڈے سر (نمائندہ شمال) صابر حسین آف سانڈے سر وفات پاگئے تفصیلات کے مطابق سابقہ ناظم حاجی خالد جاوید، حاجی نذر عارف ماما کے چھوٹے بھائی چیئرمین عابد جاوید، اظہر جاوید، مظہر جاوید، آفتاب نذر، مجتاب نذر، شان نذر، عدنان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

زیادتیوں کا ازالہ ضلع تناول بننے کی صورت میں ہی ممکن ہے

عید کے بعد ہر دو تحاریک کے ساتھ مشاورت کر کے فیصلہ کن مرحلہ کا آغاز کریں گے، وحید انجم

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تناول کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ صرف ضلع تناول کی صورت میں ہی ممکن ہے ضلع تناول کے لئے عید کے بعد فوری طور پر فیصلہ کن مرحلہ کا آغاز کریں گے بانی تحصیل تناول وحید انجم خان نے کہا ہے کہ تناول کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا ازالہ صرف اور صرف ضلع تناول کی صورت میں ہی ممکن ہے اب اس کے لئے عید کے فوری بعد متحدہ قومی تحریک ضلع تناول ہمارا حق ہے جسے 1948 سے نہیں دیا جارہا ہے اب اہل تناول اپنا حق لینے کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کا عزم کر چکے ہیں اور عید کے بعد ضلع تناول (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

ڈی سی اور ڈی پی او ایبٹ آباد کی زیر صدارت علماء کانفرنس کا انعقاد

نمائندگان کے علاوہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے معزز علمائے کرام نے شرکت کی

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد ہارون رشید خان کی زیر صدارت علماء کانفرنس کا انعقاد ڈپٹی کمشنر آفس ایبٹ آباد کے کانفرنس روم میں کیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنر ایبٹ آباد، سی ٹی ڈی، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان کے علاوہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے معزز علمائے کرام نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے موجودہ ملکی صورتحال کے تناظر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

جنید آفتاب نے ہملٹ کے علاقے میں کریانہ کی دکانوں کا معائنہ کیا

صفائی کی صورتحال اور اشیائے خوردونوش کی مقررہ قیمتوں پر فروخت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

تربیلا غازی (کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر غازی جنید آفتاب نے ہملٹ کے علاقے میں کریانہ کی دکانوں کا معائنہ کیا اس کے علاوہ پٹرول پمپس کی انسپکشن بھی کی، معائنے کے دوران سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی، صفائی کی صورتحال اور اشیائے خوردونوش کی مقررہ قیمتوں پر فروخت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ چیکنگ کے دوران ایک دکان پر اوور پرائسنگ کی نشاندہی ہوئی جس پر موقع پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی اور متعلقہ افراد کو سختی سے تنبیہ کی گئی کہ وہ سرکاری نرخوں کی مکمل پابندی کریں۔ اس موقع پر واضح کیا گیا کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

جمیل ٹیلر عرف جھیلہ بھائی کی وفات پر اظہار تعزیت

ہری پور (سپیشل رپورٹر) سابق ایجوکیشن آفیسر و معروف سیاسی و سماجی شخصیت گل جان خان نے تعزیتی بیان میں احمد خان انچارج حطار گڈز فارورڈنگ ایجنسی کے بھائی جمیل ٹیلر عرف جھیلہ بھائی کی وفات پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا، مرحوم گزشتہ روز نئی آبادی تلوکر ٹاؤن میں وفات پاگئے تھے جن کی نماز جنازہ محلّہ صدیق آباد تلوکر ٹاؤن میں ادا کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

23 سالہ حفیظ کے قتل میں ملوث ملزم قلیل وقت میں گرفتار

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ڈیکلیریشن ایڈیٹر پبلشر عبدالوحید رہانی

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

سروے۔۔گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل

ایبٹ آباد میں پبلشر عبدالوحید رہانی نے پبلشر پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر

پلاٹ نمبر A-6 سال اٹھ سٹریز اسٹیٹ ایبٹ آباد

فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149

فیکس 0992-385575,385576,385578

Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات

جامی بابا چوک مینگورہ سوات

فون نمبرز 0946-711788,711700

فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو

سب آفس شیر روڈ کچہری چوک مانسہرہ

0321-9336817

کراچی

امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاٹھے والا موٹرز فورجیم ظفر ایم اے جناح روڈ کراچی

فون نمبرز 021-2752266,2752421

فیکس 021-2752422

Email: shamalkarachi@yahoo.com

ہری پور بیورو

محمد جاوید عباسی

ایڈریس: اسی پی آفس سرکل روڈ بالمقابل بلدیہ کمیٹی ہری پور

فون نمبر: 0995-612434

فیکس نمبر: 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد

ندیم خان جدون

03200880105

0301-8149023 (بیورو چیف)

0304-5761144,0333-4470049

مظفر آباد

عتیب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد

فون نمبر 05822-446938

فیکس 05822-446842

Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبائل بیورو

سید عبدالقدوس شاہ گیلانی (نزد سیف سٹیٹ)

بن بارہ روڈ بیلی فون 0992-810890

نمائندہ چیف۔ مظفر بشیر اعوان

0997-500100,0346-6782121

0345-8574169,0997-420554

جمعۃ المبارک 23 رمضان المبارک 1447ھ 13 مارچ 2026ء 2083ب

کے پی کے میں رمضان سہولت پیکیج اور جازکیش ایجنٹوں کی خودکار کٹوتی

رمضان المبارک رحمت، برکت اور احساسِ ذمہ داری کا مہینہ ہے۔ حکومتیں بھی اسی جذبے کے تحت غریب اور مستحق افراد کی مدد کے لیے مختلف سہولت پیکیج متعارف کرواتی ہیں تاکہ مہنگائی کے اس دور میں عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔ خیبر پختونخوا حکومت کا رمضان سہولت پیکیج بھی بظاہر ایک اچھا اقدام ہے، مگر افسوس کہ اس نیک مقصد کو بعض جازکیش ایجنٹوں کی خودکار اور غیر قانونی کٹوتیوں نے داغدار کر دیا ہے۔

متعدد شکایات سامنے آ رہی ہیں کہ جب مستحق افراد رمضان پیکیج کی رقم لینے کے لیے جازکیش ایجنٹوں کے پاس جاتے ہیں تو وہاں سے مختلف حیلوں بہانوں سے رقم میں سے کچھ حصہ کاٹ لیا جاتا ہے۔ کہیں سروس چارج کے نام پر پیسے کم دیے جاتے ہیں اور کہیں سیدھی سادی عوام کو یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے کہ اتنی ہی رقم آئی ہے۔ یہ عمل نہ صرف غیر اخلاقی ہے بلکہ کھلی بددیانتی اور مستحق افراد کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جو رقم حکومت عوام کی مدد کے لیے دیتی ہے، وہ کسی ایجنٹ یا دلال کی کمائی کا ذریعہ نہیں بن سکتی۔ غریب اور سفید پوش طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کا شکار ہے۔ ایسے میں اگر رمضان کے مقدس مہینے میں بھی ان کے حصے کی معمولی سی امداد پر ہاتھ صاف کیا جائے تو یہ معاشرتی اور اخلاقی زوال کی بدترین مثال ہے۔

حکومت خیبر پختونخوا، متعلقہ اداروں اور جازکیش انتظامیہ کو اس معاملے کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔ ایسے ایجنٹوں کے خلاف سخت کارروائی ہونی چاہیے جو مستحق افراد کی رقم میں خرد برد کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ عوام کو بھی آگاہی دی جائے کہ انہیں مکمل رقم لینے کا حق حاصل ہے اور کسی بھی غیر قانونی کٹوتی کی صورت میں شکایت درج کروائیں۔

رمضان کا پیغام ایثار، انصاف اور دیانت داری ہے۔ اگر ہم اسی مہینے میں بھی کمزور طبقے کا حق کھانے لگیں تو یہ نہ صرف قانون بلکہ انسانیت کے بھی خلاف ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ رمضان سہولت پیکیج کو واقعی عوام کے لیے سہولت بنایا جائے، نہ کہ چند مفاد پرست عناصر کی کمائی کا ذریعہ۔

ٹرمپ کیوں کر پاگل نہ ہو!

ٹرمپ کیوں کر پاگل نہ ہو! کیونکہ اسے وہ زمانہ یاد ہے جب امریکہ کی صرف ایک دھمکی ہی آدھی جنگ جیت لیا کرتی تھی۔ ایک امریکی بحری بیڑا سمندر میں نکلتا تو کئی ملکوں کے ایوانوں میں سناٹا چھا جاتا، حکمران خوفزدہ ہو جاتے، فوجیں مورچے چھوڑنے کی تیاری کرنے لگتیں اور سیاستدان امریکہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے تعریفوں کے پل باندھنے لگتے۔ طاقت کا یہ غرور امریکہ کو اس زعم میں مبتلا کر چکا تھا کہ دنیا ہمیشہ اسی کے سامنے سر جھکائے کھڑی رہے گی۔

یہ وہ دور تھا جب امریکہ اپنی طاقت کے نشے میں دنیا کے مختلف خطوں میں داخل ہوتا، وہاں فوجی اڈے بناتا، اپنے مفادات کے مطابق حکومتیں تشکیل دیتا اور وسائل پر قبضہ کرتا۔ عراق، افغانستان اور کئی دیگر ممالک اس تاریخ کے زندہ شاہد ہیں، جہاں طاقت کے زور پر سیاسی نظام بدلنے کی کوشش کی گئی اور معصوم عوام کی جان و مال پر آنچ آتی رہی۔

مگر تاریخ کا ایک اصول ہے کہ ہر طاقت کے سامنے ایک نہ ایک دن مزاحمت ضرور کھڑی ہوتی ہے۔ جب قومیں اپنے عقیدے اور آزادی کے لیے ڈٹ جائیں تو بڑے سے بڑا دبا بھی انہیں جھکا نہیں سکتا۔ یہی حقیقت آج مشرق وسطیٰ میں نظر آ رہی ہے، جہاں ایران نے ثابت کیا کہ اگر کوئی قوم اپنے اصولوں اور نظریے کے لیے متحد ہو جائے تو کوئی بھی طاقت اسے آسانی سے قابو نہیں کر سکتی۔

ایران کا معاملہ امریکی طاقت کے غرور کی سب سے بڑی مثال ہے۔ 1979 کے انقلاب کے بعد سے امریکہ نے ایران پر ہر ممکن دباؤ ڈالا سخت اقتصادی پابندیاں، سیاسی تنہائی اور فوجی دھمکیاں۔ امریکہ نے سوچا تھا کہ ایران بھی دیگر ممالک کی طرح اس کے سامنے سر جھکائے گا، لیکن اس بار حساب برابر کا نکلا۔ ایران نے نہ صرف اپنے مقف پر ڈٹ کر قائم رہنے کا فیصلہ کیا بلکہ اپنے دفاعی اور عسکری ڈھانچے کو مضبوط کر کے امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو مات دی۔

امریکی حکمت عملی میں اسرائیل ہمیشہ ایک اہم ہتھیار رہا ہے۔ اسرائیل کی فوجی طاقت اور بلاوجہ جارحیت نے مشرق وسطیٰ میں کئی بحران پیدا کیے، فلسطینی عوام کے خون سے کھیلنے کا سلسلہ جاری رکھا اور عالمی قوانین کی دھجیاں اڑائی ہیں۔ امریکہ نے ہمیشہ اسرائیل کو مکمل سیاسی اور عسکری حمایت فراہم کی، جس سے خطے میں مظلوم قومیں مزید دبا کا شکار ہوئیں۔ مگر ایران اور اس کے حامیوں نے ثابت کیا کہ طاقتور اتحاد کے سامنے بھی مزاحمت ممکن ہے۔

خلیج فارس میں امریکی بحری بیڑوں کی موجودگی، جنگی طیاروں کی پروازیں اور سیاسی دباؤ کے ہر اقدام کے باوجود ایران نے ثابت کر دیا کہ وہ کسی دھمکی کے سامنے سر نہیں جھکاتا۔ امریکہ اور اسرائیل کی ہر سازش کو ایران نے بارہا ناکام بنایا، اور مشرق وسطیٰ میں اپنی دفاعی اور سیاسی حکمت عملی سے توازن قائم رکھا۔ عالمی مبصرین کا کہنا ہے کہ آج دنیا پہلے جیسی نہیں رہی۔ وہ دور گزر چکا

جب ایک طاقت عالمی سیاست پر اپنی مرضی مسلط کر سکتی تھی۔ نئی عالمی قوتیں ابھر رہی ہیں اور پرانے اتحادی بھی اپنے مفادات کے تحت دوبارہ مرتب ہو رہے ہیں۔ چین، روس اور دیگر علاقائی طاقتیں امریکہ اور اسرائیل کی بالادستی کو چیلنج کر رہی ہیں۔ اس بدلتے ہوئے ماحول نے یہ واضح کر دیا ہے کہ عالمی طاقت کے نشے میں ڈوبے ہوئے امریکہ اور اسرائیل اب ہر معاملے میں کامیاب نہیں رہ سکتے۔

یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ جنگ اور کشیدگی کا سب سے بڑا نقصان عام انسان کو ہوتا ہے۔ جب بڑی طاقتیں اپنے مفادات کے لیے تنازع بڑھاتی ہیں تو اس کے اثرات معیشت، امن اور انسانی زندگی پر پڑتے ہیں۔ مشرق وسطیٰ کی عوام نے اس نقصان کی قیمت صدیوں سے ادا کی ہے، اور آج بھی اس کے اثرات دیکھنے کو ملتے ہیں۔

تاریخ کا سبق یہی ہے کہ طاقت ہمیشہ قائم نہیں رہتی۔ آج جو قوت خود کو ناقابلِ شکست سمجھتی ہے کل وہی کمزور بھی ہو سکتی ہے۔ اصل طاقت اس قوم کی ہوتی ہے جو اپنے اتحاد، عزم اور شعور کو برقرار رکھے۔ ایران نے یہی ثابت کر دیا کہ اگر اصولوں پر ڈٹا جائے اور قوم متحد رہے تو دنیا کی سب بڑی طاقتیں بھی ناکام ہو جاتی ہیں۔

آج کی دنیا پہلے سے زیادہ باشعور ہو چکی ہے۔ اطلاعات کے اس دور میں قومیں اپنے حقوق اور خودمختاری کے بارے میں حساس ہیں اور ہر ظلم و زیادتی کو بے نقاب کر سکتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی سیاست میں نئے توازن ابھر رہے ہیں، اور امریکہ و اسرائیل جیسے طاقتور ممالک بھی اب پہلے جیسی بلاچیلنج طاقت نہیں رہے۔

آخر کار مستقبل کا فیصلہ صرف فوجی طاقت نہیں بلکہ حکمت، اتحاد اور دانشمندی کرے گا۔ جو قومیں اپنے اصولوں پر قائم رہتے ہوئے عقل و تدبر کے ساتھ آگے بڑھیں گی، تاریخ کا دھارا بالآخر انہی کے حق میں مڑ جائے گا۔

ایران نے یہ ثابت کر دیا کہ اگر نظریہ، اتحاد اور عزم مضبوط ہو تو امریکہ اور اسرائیل جیسے عالمی طاقتور بھی پاگل ہو کر اپنی سازشوں میں ناکام ہو جاتے ہیں۔ آج ایران، اسلامی دنیا کا نیا سپر پاور بننے کی راہ پر گامزن ہے، اور تاریخ گواہ ہوگی کہ جس زمین پر ظالموں نے قبضہ کرنے کی کوشش کی، وہاں مزاحمت کرنے والوں کی فتح ہی قائم رہی۔

لوئر دیر میں فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، مضر صحت اشیاء کی بڑی کھیپ تلف

پشاور (ہینڈ آؤٹ) خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی نے لوئر دیر میں غیر معیاری اور مضر صحت خوراک کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ضبط شدہ مختلف خورد و نوش اشیاء کی بڑی کھیپ کو تلف کر دیا۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی نے تفصیلات جاری کرتے ہوئے کہا کہ فوڈ سیفٹی اتھارٹی ٹیم نے مختلف کارروائیوں کے دوران ضبط شدہ سینکڑوں لیٹر جعلی مشروبات کو گزشتہ روز ڈمپنگ ایریا میں تلف کیا۔ اس کے علاوہ 600 پیکٹس زائد المیعاد مصالحہ جات اور 80 پیکٹس بسکٹس بھی ضائع کر دیے گئے۔ ترجمان نے بتایا کہ 200 سے زائد پیکٹس کینڈیز اور 120 پیکٹس جعلی کھیر بھی تلف کیے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5 5)

سپر پاور صرف اللہ، اسرائیل امریکا کی مسلط کردہ بلاجواز جنگ اور منصب رہبری کا تاریخی تسلسل

حصہ دوئم

تحریر: آغا سفیر حسین کاظمی

یہ حقیقت بھی اپنی جگہ قابلِ غور ہے کہ موجودہ عالمی منظرنامے میں ایران وہ ریاست دکھائی دیتی ہے جس پر امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی روایتی حکمتِ عملیاں مکمل طور پر کارگر ثابت نہیں ہو سکیں۔ سیاسی دباؤ، اقتصادی پابندیاں، سفارتی تنہائی اور مسلسل دھمکیوں کے باوجود ایران نے اپنے بنیادی مؤقف اور خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ یہ ریاست طویل عرصے سے اسلام دشمن قوتوں کی آنکھوں میں کھٹکتی رہی ہے۔ دوسری طرف یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ بہت سے مسلم ممالک بڑی طاقتوں کی خوشنودی حاصل کرنے کی سیاست میں اس قدر الجھ چکے ہیں کہ ان کی خارجہ پالیسیوں میں خودمختاری کم اور مصلحت زیادہ دکھائی دیتی ہے۔ نتیجتاً بعض اوقات وہ ایسی پوزیشن میں نظر آتے ہیں جہاں ایک ناجائز قابض ریاست، یعنی اسرائیل، کے سامنے ان کی حیثیت کمزور یا محض ایک سیاسی مہرے کی سی محسوس ہوتی ہے۔ یہی تضاد آج کی عالمی سیاست میں امتِ مسلمہ کے لیے ایک اہم سوال بھی بن چکا ہے کہ خودمختاری، اصول اور قومی وقار کو کس حد تک برقرار رکھا جا سکتا ہے۔

اور پھر حقیقت یہ ہے کہ گزشتہ تقریباً سینتالیس برسوں کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ مسلسل پابندیوں، سیاسی دباؤ، سفارتی تنہائی اور عسکری دھمکیوں کے باوجود اس ریاست نے اپنے بنیادی مؤقف اور خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ بڑی عالمی طاقتوں کے سامنے جھک جانا بہت سی حکومتوں کے لیے آسان راستہ ہوتا ہے، مگر ایران نے بارہا یہ پیغام دیا

ہے کہ اصولوں اور استقلال کی حفاظت کے لیے مشکلات برداشت کرنا بھی قبول ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مزاحمت اور استقامت کی یہ مثال صرف سیاسی واقعہ نہیں بلکہ ایک ایسی تاریخی حقیقت بن چکی ہے جس نے دنیا کی سیاست میں ایک منفرد مثال قائم کی ہے۔ چنانچہ نئے رہبرِ معظم کے انتخاب کو اسی تاریخی تسلسل کی ایک نئی کڑی قرار دیا جا رہا ہے جس سے توقع کی جا رہی ہے کہ ایران نہ صرف داخلی طور پر مزید مستحکم ہوگا بلکہ عالمِ اسلام میں مزاحمت، استقلال اور نظریاتی خودمختاری کی علامت کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا۔ بلکہ مستقبل کا تقاضا یہی ہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران عرب ممالک سمیت خطے کے تمام مسلم ممالک کے ساتھ موجود غلط فہمیوں اور بدگمانیوں کو ختم کرنے کے لیے آگے بڑھے۔ ماضی میں بعض ریاستوں کو یہ خدشہ رہا ہے کہ کہیں ایران کے نظریاتی اثرات ان کے داخلی سیاسی نظام یا اقتدار کے لیے خطرہ نہ بن جائیں، مگر اگر یہ ممالک باہمی اعتماد اور مکالمے کے ذریعے اپنے تحفظات کو دور کریں تو امتِ مسلمہ کے لیے ایک نئی راہ کھل سکتی ہے۔ ایسی صورت میں نہ صرف اسرائیل کی وہ حکمتِ عملی ناکام ہو سکتی ہے جس کے تحت فلسطینیوں کی سرزمین ان ہی پرتنگ کی جا رہی ہے، بلکہ قبلہ اول مسجدِ اقصیٰ کو پنجِ یہود سے آزاد کروانے کا خواب بھی حقیقت کا روپ دھار سکتا ہے۔ جس دن عالمِ اسلام اس مشترکہ مقصد پر متحد ہو گیا، اس دن عالمی سیاست میں مسلم اُمہ کا وقار، خودداری اور اجتماعی قوت ایک ناقابلِ نظرانداز حقیقت بن جائے گی۔

تازہ ترین اطلاعات کے مطابق ایران کے سرکاری میڈیا کی جانب سے یہ خبر سامنے آئی ہے کہ بعض اہم علاقائی ممالک کو اس ممکنہ صورتحال سے آگاہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سعودی عرب سمیت چند دیگر ریاستوں کو بتایا گیا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے ایک خطرناک حکمتِ عملی پر غور کیا جا رہا ہے۔ یہ اندیشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ چونکہ امام خمینیؒ کے دور سے ہر سال ماہِ رمضان کے آخری جمعۃ المبارک کو یومِ القدس کے طور پر منانے کی روایت جاری ہے جس کا بنیادی مقصد فلسطینیوں کی حمایت اور قبلہ اول مسجدِ اقصیٰ کی آزادی کے لیے عالمی سطح پر آواز بلند کرنا ہے، اس لیے اس مرتبہ اسرائیل عین اسی موقع پر مسجدِ اقصیٰ میں کسی فالس فلیگ آپریشن کی کوشش کر سکتا ہے۔ مبصرین کے مطابق ایسی کسی کارروائی کا مقصد اس کا الزام ایران پر عائد کر کے خطے کے مسلم ممالک کے درمیان بداعتمادی اور انتشار پیدا کرنا اور ساتھ ہی ایران کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کو محدود کرنا ہو سکتا ہے۔

پاکستان کی خاموش سفارتکاری اور ابھرتا ہوا مستقبل

مشرق وسطیٰ میں بدلتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورت حال نے کئی دیرینہ مفروضوں کو چیلنج کر دیا ہے۔ خطے میں بڑی طاقتوں کی موجودگی کو طویل عرصے تک سلامتی کی ضمانت سمجھا جاتا رہا، مگر حالیہ کشیدگی نے یہ واضح کر دیا کہ عالمی طاقتیں اکثر اپنے مفادات کے مطابق فیصلے کرتی ہیں، نہ کہ ہمیشہ اپنے اتحادیوں کے تحفظ کے لیے۔ اس بدلتے منظرنامے نے خطے کے ممالک کو نئی حقیقتوں پر غور کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ سرمایہ کاری، تجارت اور علاقائی استحکام کے حوالے سے بھی نئی سوچ جنم لے رہی ہے۔ جب کسی خطے میں کشیدگی بڑھتی ہے تو عالمی سرمایہ کار زیادہ محفوظ اور مستحکم متبادل تلاش کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت، ایٹمی صلاحیت اور خطے میں اسٹریٹیجک محل وقوع کی بدولت ایک پرکشش مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ خاص طور پر بحری راستوں اور بندرگاہوں کی اہمیت بڑھنے سے پاکستان کی اقتصادی راہداریوں اور تجارتی منصوبوں کی افادیت مزید نمایاں ہو رہی ہے۔۔ پاکستان نے گزشتہ برسوں میں نہایت محتاط اور متوازن خارجہ پالیسی اختیار کی ہے۔ یہی خاموش سفارتکاری مستقبل میں اس کی سب سے بڑی طاقت ثابت ہو سکتی ہے۔ ایک طرف ملک نے خطے میں امن و استحکام کے لیے سفارتی کوششیں

جاری رکھی ہوئی ہیں، تو دوسری جانب اپنے دفاع کو مضبوط بنا کر یہ پیغام بھی دیا ہے کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہی توازن پاکستان کو ایک ذمہ دار اور قابل اعتماد ریاست کے طور پر پیش کرتا ہے۔۔ دفاعی صلاحیت کے اعتبار سے بھی پاکستان ایک مضبوط مقام رکھتا ہے۔ اس کی عسکری مہارت، جدید دفاعی ٹیکنالوجی اور اسٹریٹیجک صلاحیتیں نہ صرف ملک کے دفاع کو مستحکم بناتی ہیں بلکہ کئی اسلامی ممالک کے لیے بھی تعاون کے امکانات پیدا کرتی ہیں۔ مستقبل میں دفاعی تعاون اور مشترکہ حکمتِ عملی خطے میں استحکام کا سبب بن سکتی ہے۔۔۔ اسی طرح سرحدی سلامتی کے معاملے میں بھی پاکستان نے واضح کیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کسی قسم کی نرمی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ اپنے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے، اور اسی اصول کے تحت پاکستان نے دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ یہ پالیسی اس بات کا اظہار ہے کہ ملک امن چاہتا ہے، مگر اپنی سلامتی پر سمجھوتہ نہیں کرے گا۔۔۔ آنے والے برسوں میں عالمی سیاست اور معیشت کے بدلتے رجحانات پاکستان کے لیے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ اگر دانشمندانہ حکمت عملی، مضبوط سفارتکاری اور داخلی استحکام کو برقرار رکھا جائے تو پاکستان نہ صرف معاشی ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے بلکہ مسلم دنیا میں ایک اہم اور مؤثر کردار بھی ادا کر رہا ہے۔۔۔ وقت کے ساتھ یہ حقیقت مزید واضح ہو سکتی ہے کہ خاموش مگر مؤثر سفارتکاری ہی وہ بنیاد ہے جو کسی قوم کے روشن اور مستحکم مستقبل کی ضامن بنتی ہے۔ ان شاءاللہ آنے والا وقت پاکستان اور پاکستانی عوام کا ہے۔ انشاءاللہ۔ پاکستان ہمیشہ زندہ باد۔

ضلع مردان میں شعبہ تعلیم کی بنیادی سہولیات فراہمی حوالے اجلاس

مشاورت کے ساتھ ایک ٹیم ورک کی شکل میں کام کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

پشاور (ہینڈ آؤٹ) خیبر پختونخوا کیوز یرابتدائی وثانوی تعلیم ارشد ایوب خان نے ضلع مردان میں شعبہ تعلیم کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جمعرات کے روز پشاور میں منعقدہ اُن لائن اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر ضلع مردان سے تعلق رکھنے والے اراکین صوبائی اسمبلی عبدسلام آفریدی، ظاہر شاہ طورو، زرشاد خان اور میر فرزند سمیت سپیشل سیکرٹریز محکمہ تعلیم افتخار علی خان اور مسعود احمد، ایڈیشنل سیکرٹری حیات خان، چیف پلاننگ آفیسر ذین اللہ اور ڈائریکٹر ابتدائی وثانوی تعلیم بھی موجود تھے۔ جبکہ ضلعی افسران نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ضلع مردان کے تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل، محکمہ تعلیم کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے فنڈز کے اجرا، سکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر، فرنیچر کی فراہمی، موجودہ طریقہ کار کے مطابق درجہ چہارم کے ملازمین کی بھرتی کے امور اور ضلعی افسران کا منتخب عوامی نمائندوں کی مشاورت کے ساتھ ایک ٹیم ورک کی شکل میں کام کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم نے ضلع مردان کے مردانہ وزنانہ تعلیمی افسران کو ہدایت کی کہ وہ صوبائی حکومت کے شروع کردہ ترقیاتی منصوبوں کی بھرپور نگرانی کریں۔ اسی طرح ضلع مردان میں درجہ چہارم کی بھرتیوں کو حکومتی پالیسی کے مطابق شفاف انداز میں مکمل کریں۔ انہوں نے سکولوں میں طلبہ اور اساتذہ کی تعداد کا ریشو اکٹھا کرنے اور سکولوں کی ریشنلائزیشن کی تکمیل کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا محکمہ تعلیم کا صرف ایک ڈائریکٹوریٹ ہے جسے مزید فعال بنانے کے لئے اضلاع کی سطح پر بھی ڈائریکٹوریٹ قائم کئے جائیں گے تاکہ عوامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے سکولوں میں تقریباً 2500 اضافی کمرے تعمیر کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ ایشین ڈیولپمنٹ بینک کے ذریعے بھی 10 ہزار کمرے تعمیر کئے جائیں گے۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 5)

وفاقی محتسب کی مداخلت سے ریٹائرڈ ملازم کو فیئر ویل گرانٹ کی ادائیگی

سائل نے فیئر ویل گرانٹ کی عدم ادائیگی پر وفاقی محتسب ریجنل آفس پشاور سے رجوع کیا تھا

پشاور (ہینڈ آؤٹ) درخواست گزار نے ریٹائرمنٹ کے بعد طویل عرصہ گزرنے کے باوجود فیڈرل ایمپلائز بینیولنٹ فنڈ (FEB) اور گروپ انشورنس فنڈ (GIF) کی جانب سے فیئر ویل گرانٹ کی عدم ادائیگی پر وفاقی محتسب ریجنل آفس پشاور سے رجوع کیا تھا۔ شکایت موصول ہونے پر معاملے کی باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کیا گیا۔ کیس کی انکوائری اسسٹنٹ ایڈوائزر محترمہ انجم بی بی نے کی جبکہ فیصلے پر عملدرآمد ڈپٹی ایڈوائزر جناب محمد عالمزیب نے یقینی بنایا۔ وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت کے نتیجے میں متعلقہ ادارے نے درخواست گزار کی فیئر ویل گرانٹ جاری کر دی۔ محمد ظہیر خان نے اپنے دیرینہ مسئلے کے حل پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5 6)

محکمہ ایکسائز کی جانب سے شفاف اور موثر ٹیکس وصولی کی جانب اہم پیش رفت

پشاور (ہینڈ آؤٹ) خیبر پختونخوا کے وزیر ایکسائز و ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول سید فخر جہان کے گڈ گورننس اور خدمات کی بہتر انداز میں فراہمی کے حوالے سے جاری ہدایات کی روشنی میں محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول نے ایک اہم سنگ میل عبور کر کے ضلع مردان میں پہلی مرتبہ پروفیشنل ٹیکس کے چالان مکمل طور پر ڈیجیٹل نظام کے تحت تیار کر کے ٹیکس دہندگان کو جاری کر دیئے گئے ہیں۔ سیکرٹری ایکسائز و ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول خیبر پختونخوا خالد الیاس کی سرپرستی میں محکمہ کے اس اقدام کے تحت ضلع مردان میں پروفیشنل ٹیکس کی وصولی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے ڈیجیٹلائزیشن کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ ڈیجیٹل چالان کے اجراء سے ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم ہوگی جبکہ ٹیکس وصولی کے عمل میں شفافیت، رفتار اور مؤثریت بھی یقینی بنائی جا سکے گی۔ یہ اقدام صوبائی حکومت کی گڈ گورننس اور ریونیو نظام کو جدید بنانے کی پالیسی کا حصہ ہے۔

اطلاع عام

میرے والد جان محمد ولد رحمت اللہ مرحوم سکنہ گلی جبوڑی حال مقیم پانو ڈھیری مانسہرہ فوت ہو گئے ہیں جسکے شرعی وارثان میں بیوہ گوہر جان زوجہ جان محمد مرحوم بیٹے محمد شفیق محمد طاہر بیٹیاں آسیہ بی بی رضیہ بی بی سعیہ بی بی دختران جان محمد شامل ہیں انکے علاوہ کوئی شرعی وقانونی وارث نہیں ہے۔

منجانب: محمد شفیق ولد جان محمد مرحوم سکنہ گلی جبوڑی حال مقیم پانو ڈھیری مانسہرہ

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج II ہری پور

عنوان۔ منصف خان بنام خیبر زمان وغیرہ،

پیشی 16.4.26

نوٹس بنام محمد نواز ولد فضل الرحمٰن، محمد ریاض، محمد اعجاز پسران فضل الرحمٰن، مختیار بی بی، امتیاز بی بی، سعیدہ بی بی، رویلاں بی بی، گل بہار، خالدہ بی بی دختران فضل الرحمٰن ساکنان پھر بالہ ضلع ہری پور

مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم بالا کی تعمیل عام طریقہ سے ہوئی مشکل قرار پائی ہے لہذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 16.4.26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

دستخط حاکم مہر عدالت

بعدالت جناب ارم عائشہ صاحبہ سینئر سول جج ہری پور

عنوان۔ مسماۃ فرحت بی بی بنام عوام الناس،

پیشی 17/3/26

نوٹس بنام۔ مسماۃ فرحت بی بی بیوہ بشیر حسین ساکنہ اسلام پور پنجو ڈاک خانہ منگ ضلع ہری پور

درخواست گارڈین۔ مہراب حیات ایپال حیات محمد حسین حیات نابالغ ولد دختران بشیر حسین شاہ مرحوم ساکنہ اسلام پور پنجو ڈاک خانہ منگ ضلع ہری پور

نوٹس بنام۔۔۔ عوام الناس

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی اطلاع بابی عام طرقہ سے ہوئی مشکل مقرار پائی ہے لہزا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 17/3/26 ان کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم مہر عدالت

تلاش گمشدہ

میری BS-LLB(05) years کی ڈگری دوران سفر کہیں گم ہو گئی ہے۔ جس کسی کو ملے مہربانی فرما کر درج ذیل ایڈریس پر پہنچا دے، شکریہ۔

Roll Number: 44775

Serial No: 45108

Registration No: 16-LLB-F-HU-5

منجانب: احمد حسن خان ولد عجب خان ساکنہ ہری پور، حال ڈھوڈیال، ہزارہ یونیورسٹی مانسہرہ

اطلاع عام

میری والدہ قیمت جان زوجہ خوشحال خان وفات پا چکی ہیں جنکے شرعی وارثان میں مسمیان عبدالرف خان، عبدالرزاق خان پسران و مسماتان رخناج بی بی، زاہدہ پروین، زبیدہ خاتون، سکینہ اختر دختران شامل ہیں دیگران کے کوئی حقیقی، شرعی یا قانونی وارث نہیں ہے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض تو سات یوم کے اندر متعلقہ تحصیلدار صاحب یا حلقہ پٹوار سے رابطہ کرے

منجانب: محمد ثاقب ولد عبدالجلیل خان سکنہ اچھڑیاں، ڈاکخانہ حاجی آباد، تحصیل و ضلع مانسہرہ

تلاش گمشدہ

میرا قومی پاسپورٹ نمبری UF6902002 دوران سفر مجھ سے بالاکوٹ میں کہیں گر کر گم ہو گیا ہے کافی تلاش کے بعد بھی پاسپورٹ نہیں مل سکا لہذا پاسپورٹ حکام سے درخواست ہے کہ مجھے نیا پاسپورٹ جاری کریں

منجانب: ماجد حسین ولد محمد صدیق ساکنہ کنڈیلی سگرو تحصیل بالاکوٹ ضلع مانسہرہ 03409137226

اطلاع عام

عبداللہ جان ولد فضل الرحمٰن ساکن اوگی ضلع مانسہرہ فوت ہو چکے۔ مرحوم کے وارثان میں بیوہ اعتبار جانہ، بیوہ ظریف زون، محمد ابراہیم اور چار بیٹیاں ثمینہ بی بی، صابرہ بی بی، زینب بی بی، فریدہ بی بی مذکوران بالا کے علاوہ متوفی کے دیگر کوئی شرعی وارث نہیں ہے

منجانب: ابراہیم ولد عبداللہ جان مرحوم ساکن اوگی ضلع مانسہرہ

پاکستان کرکٹ بحران کا شکار، اصلاحات کا مطالبہ

پاکستانی کرکٹ ایک بار پھر شدید تنقید اور بحث کی زد میں آ گئی ہے۔ بنگلہ دیش کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں پاکستانی بیٹنگ لائن کی مکمل ناکامی نے شائقینِ کرکٹ کو سخت مایوس کر دیا ہے۔ اس مایوس

بقیہ 1 منظور

اور خصوصی دلچسپی کے نتیجے میں ضلع مانسہرہ کے علاقے سفیدا میں لڑکوں کے لیے ڈگری کالج کے قیام کا اہم منصوبہ منظور کر لیا گیا ہے۔ منصوبے کے تحت **775** ملین روپے کی لاگت سے ڈگری کالج فار بوائز کی تعمیر کی جائے گی۔ اس منصوبے کے لیے زمین پہلے ہی مختص کی جا چکی تھی جبکہ محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات **(P&D)** سے باقاعدہ منظوری بھی حاصل ہو چکی ہے اور جلد ہی اس پر عملی کام کا آغاز کیا جائے گا۔ یہ منصوبہ علاقے کے طلبہ کو معیاری اعلیٰ تعلیم کی سہولت ان کے قریب فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا اور نوجوانوں کو بہتر تعلیمی مواقع میسر آئیں گے۔ مزید برآں علاقے میں تعلیمی سہولیات کو مزید وسعت دینے کے لیے ایک اور ڈگری کالج کے قیام کی بھی منظوری دے دی گئی ہے جو ابتدائی طور پر کرایہ کی عمارت میں قائم کیا جائے گا۔ اس منصوبے پر تقریباً **60** ملین روپے لاگت آئے گی جبکہ کالج کے لیے عمارت بھی پہلے ہی حتمی طور پر منتخب کر لی گئی ہے۔ اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے کہا کہ مانسہرہ اور گردونواح کے طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے مزید تعلیمی منصوبے بھی متعارف کروائے جائیں گے تاکہ نوجوان نسل کو بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان منصوبوں کی تکمیل سے علاقے میں تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے نئی راہیں ہموار ہوں گی۔

بقیہ 2 تفتیش

گھر سے نکلا اور تاحال واپس نہیں آیا۔ ایس ایچ او تھانہ کوٹ نجیب اللہ عمران نواز نے ہمراہ نفری پولیس کے ڈی ایس پی خانپور راجہ محمد بشیر کی زیرنگرانی مختلف پہلوؤں پر تفتیش کا آغاز کیا اور خان رزاق ولد صالح محمد سکنہ خزانہ پشاور حال صادق آباد کوٹ نجیب اللہ کو تھانہ لاکر انٹاروگیٹ کیا۔ دوران انٹاروگیشن ملزم نے اعتراف کیا کہ اس نے اپنی زمینوں پر کرنٹ چھوڑ رکھا تھا جس کی زد میں آ کر مقتول حفیظ جان کی بازی ہار گیا۔ اس نے خوف کی وجہ سے لاش کو گڑھا کھود کر دفنا دیا۔ بعد ازاں ملزم کی نشاندہی پر لاش نکال کر ورثا کے حوالے کر دی گئی ہے، ملزم کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ مقدمہ میں مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 3 گرفتار

متعدد افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کیا گیا جبکہ دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ سڑکوں اور راستوں پر ہر قسم کی تجاوزات فوری طور پر ختم کریں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق عید کی خریداری کے باعث بازاروں میں رش میں اضافہ ہو رہا ہے، اس لیے عوام کی سہولت کے لیے راستوں کو کھلا رکھنا ناگزیر ہے تاکہ شہریوں، بزرگوں اور مریضوں کو آمد و رفت میں دشواری پیش نہ آئے۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور وزیراعلیٰ رمضان پیکج کے تحت مستحقین میں مالی امداد کی تقسیم کے مرکز کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے تقسیم کے عمل، بائیو میٹرک تصدیق اور انتظامی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اور اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی کہ مستحقین کو مکمل رقم فراہم کی جائے اور کسی بھی قسم کی کٹوتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو ہدایت کی کہ ڈیوائسز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے تاکہ مستحقین کو بروقت اور آسانی سے رقم کی ادائیگی ممکن ہو سکے اور رش میں کمی آئے۔ انہوں نے مزید تاکید کی کہ مستحقین کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آیا جائے اور تقسیم کے عمل کو شفاف اور منظم بنایا جائے۔ بعد ازاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر کے ہمراہ بنگرام بازار کا اچانک معائنہ بھی کیا۔ اس موقع پر پرائس مانیٹرنگ ڈیسک کا جائزہ لیا گیا اور مختلف دکانوں پر اشیائے خوردونوش کی دستیابی اور سرکاری نرخنامے کی جانچ کی گئی۔ انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخنامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ فروخت کریں تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کو خبردار کیا گیا کہ آئندہ کسی بھی بے ضابطگی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر شہریوں سے بھی ملاقات کی گئی اور انہیں یقین دہانی کرائی گئی کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو سستی اور معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی اور بازاروں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 4 حکام

کر دی ہیں۔ علاقہ مکینوں اور متعلقہ حکام سے اپیل کی گئی ہے کہ واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کر کے ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ عوام سے بھی گزارش ہے کہ اگر کسی کو ان مویشیوں کے بارے میں کوئی معلومات ہوں تو فوری طور پر تھانہ بفہ یا **03115846258** پر اطلاع دیں اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ 5 موصول

کاٹنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے ریٹیلرز کو سروس چارجز پہلے ہی ادا کیے جا چکے ہیں، لہٰذا مستحق افراد کی امدادی رقم میں کسی بھی قسم کی کٹوتی غیر قانونی ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کا فوری نوٹس لے کر ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جائے تاکہ غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 6 شعبہ جات

ایس پی سٹی نے تھانہ کے مختلف شعبہ جات اور ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے محرر سٹاف کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تھانہ آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویہ اختیار کیا جائے، ان کی شکایات توجہ سے سنی جائیں اور مسائل کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ بعد ازاں ایس پی سٹی نے ڈی ایس پی آفس شنکیاری کا بھی دورہ کیا جہاں سرکل شنکیاری کے امور اور دفتر آنے والے سائلین کے مسائل کے بارے میں بریفنگ لی۔ اس موقع پر انہوں نے ڈی ایس پی شنکیاری کیڈٹ فاروق کو عوامی شکایات کے فوری ازالے اور دفتری امور کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے اہم ہدایات جاری کیں۔ مزید برآں ایس پی سٹی نے تھانہ شنکیاری کی حدود ڈھوڈیال میں پیش آنے والے قتل کے واقعہ، بمطابق مقدمہ علت نمبر **162** بجرائم **302/324/148/149** کا موقع پر جا کر معائنہ کیا۔ انہوں نے تفتیشی افسران کو ہدایات جاری کیں کہ واقعہ کی تفتیش میرٹ اور پیشہ ورانہ بنیادوں پر کرتے ہوئے جلد از جلد اصل حقائق سامنے لائے جائیں اور ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ 7 ڈی سی

کمیونٹی نے ڈپٹی کمشنر ہری پور سے اس مسئلہ کے حل اور تجاوزات کے خاتمے کے لیئے ٹھوس اقدامات کی اپیل کر دی ہے زمینداروں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ محلّہ ٹینکی میں بااثر شخصیت نے ٹی ایم اے کیساتھ ملکر آبی نالے پر تجاوزات قائم کی جسکی وجہ سے پانی کی روانی کا عمل بری طرح مفلوج ہو کر رہ گیا اس بابت ٹی ایم اے کو درخواستیں بھی دی گئی مزکورہ تجاوزات کے خاتمے کے لیئے مگر مقامی لوگوں کا کہنا ہے ٹی ایم اے نیکوئی عملی کاروائی نہیں کی اس وقت مذکورہ ابی گزرگاہ سے جن دیہاتوں کی اراضی کو پانی سیراب کرتا ہے وہ دیہات مکمل طور پر پانی سے محروم ہو چکے ہیں ڈپٹی کمشنر ہری پور اس مسئلہ کس نوٹس لیکر بااثر شخص سے اس آبی گزرگاہ کو واگزار کروا کر انصاف کے تقاضے پورے کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 8 خوف و ہراس

ہیں جس کے باعث تاجروں اور شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ شہریوں اور تاجر برادری کا کہنا ہے کہ شہر وارد گرد کے مختلف نجی بینکوں میں کسی بھی ہنگامی صورتحال یا خطرے کے پیش نظر سیکیورٹی الارم نصب کیے گئے ہیں تاہم بعض بینکوں میں یہ الارم شاہد کسی خرابی کی وجہ سے بغیر کسی وجہ کے اچانک بجنے لگتے ہیں۔ اس صورتحال کے باعث اردگرد موجود لوگوں میں تشویش اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔ تاجر برادری کے مطابق جب اچانک الارم بجتا ہے تو لوگوں کو خدشہ ہوتا ہے کہ شاید بینک میں کوئی واردات یا ہنگامی صورتحال پیش آ گئی ہے، جس سے بازار میں خوف کا ماحول بن جاتا ہے۔ شہریوں نے بینک انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے سیکیورٹی نظام کا فوری جائزہ لیں اور ایسے مسائل کو جلد از جلد حل کریں تاکہ بلاوجہ خوف و ہراس کی صورتحال پیدا نہ ہو اور عوام کو ذہنی پریشانی سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 9 فرض شناسی

عملہ کی فرض شناسی قابل تحسین ہے حصول ڈومیسائل کے لئے آنے والوں کی درست رہنمائی کرنا احسن اقدام ہے، عوامی و سماجی حلقوں نے ڈومیسائل برانچ مانسہرہ کے عملہ کی جانب سے فرض شناسی سے اپنے فرائض سرانجام دینے پر شاہد سلطان اور دوسرے عملہ کی جانب سے خوش اخلاقی مامظاہرہ کرتے ہوئے بروقت لوگوں کے کام کرتے ہوئے درست رہنمائی فراہم کرنا احسن اقدام ہے اس پر عوامی حلقے ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے یہ امید کرتے ہیں کہ وہ اسی طرح آئندہ بھی اپنے فرائض سرانجام دیتے رہیں گے اس سے قبل سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس مانسہرہ بہادر خان سواتی بھی ان کی اچانک انسپکشن کرتے ہوئے ان کی جانب سے اپنے فرائض دیانتداری سے سرانجام دینے پر ان کو شاباش دے چکے ہیں

بقیہ 10 گفتگو

ہے۔ میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیریسٹر قاسم حسین کا کہنا تھا کہ پاکستان کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور یہی نوجوان ملک کا روشن مستقبل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ تعلیم، تحقیق اور محنت کو اپنا شعار بنائیں تاکہ وہ نہ صرف اپنی زندگی میں کامیابی حاصل کریں بلکہ ملک وقوم کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکیں۔ قاسم حسین کا مزید کہنا تھا کہ موجودہ دور میں دنیا بھر میں وہی قومیں ترقی کر رہی ہیں جو تعلیم، ہنر اور جدید ٹیکنالوجی پر توجہ دے رہی ہیں۔ پاکستان کے نوجوان بھی بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور اگر انہیں مناسب مواقع اور رہنمائی فراہم کی جائے تو وہ عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں۔ بیریسٹر قاسم حسین نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رہتے ہوئے مثبت سوچ اور عملی جدوجہد کو اپنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی استحکام اور ترقی کے لیے ضروری ہے کہ نوجوان قومی یکجہتی، قانون کی پاسداری اور سماجی خدمت کے جذبے کو فروغ دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے نوجوان کل کے قائد ہیں، اس لیے انہیں چاہیے کہ وہ اپنے کردار، تعلیم اور محنت کے ذریعے ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کی بنیاد رکھیں۔ بیریسٹر قاسم حسین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ نوجوانوں کی رہنمائی اور ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 11 مقررین

ہوا جس کے بعد علما کرام اور مقررین نے حضرت علی کی سیرت، کردار اور اسلامی خدمات پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ حضرت علی نے عدل و انصاف، بہادری، علم اور انسانیت کی خدمت کی جو مثال قائم کی وہ رہتی دنیا تک مسلمانوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علی کی تعلیمات ہمیں بھائی چارے، انصاف اور اتحاد کا درس دیتی ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر معاشرے میں امن اور استحکام کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ تقریب میں شریک شخصیات نے حضرت علی کی دینی، علمی اور سماجی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی زندگی حق و صداقت، شجاعت اور تقویٰ کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حضرت علی کی تعلیمات کو عام کر کے معاشرے میں اخوت، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دیا جائے گا۔ اس موقع پر شرکا نے ایران کی سپریم کونسل کے رہنما کی شہادت پر بھی گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ شرکا نے ایران کی آزادی، پاکستان کی سلامتی، ملکی استحکام اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کی۔ دعا میں عالمِ اسلام کو درپیش چیلنجز سے نجات اور مسلمانوں کے درمیان اتفاق و اتحاد کے لیے بھی خصوصی طور پر دعا کی گئی۔ تقریب کے اختتام پر میزبان بیریسٹر قاسم خان خیل نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یومِ علی ہمیں عدل، انصاف اور خدمتِ خلق کا پیغام دیتا ہے اور ہمیں چاہیے کہ ہم ان سنہری اصولوں کو اپنی عملی زندگی میں اپنائیں۔ بعد ازاں شرکا کے اعزاز میں پرتکلف افطار ڈنر دیا گیا جہاں مہمانوں نے ایک دوسرے سے تبادلہ خیال بھی کیا۔

بقیہ 12 مانیٹرنگ

، پرائس فکسیشن اور پرائس مانیٹرنگ سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سرمد سلیم اکرم نے ہدایت کی کہ شہریوں کو بہتر سرکاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، موصول ہونے والی شکایات کا بروقت اور مؤثر ازالہ کیا جائے اور عوامی مسائل کے پائیدار حل کے لیے شہریوں سے باقاعدہ فیڈ بیک حاصل کیا جائے۔ انہوں نے لائن ڈیپارٹمنٹس کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے سروس ڈیلیوری اور ٹاسک مینجمنٹ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ پرائس کنٹرول کے نظام کو مزید فعال بنایا جائے، علی الصبح سبزی اور فروٹ کی پرائس فکسیشن کو یقینی بنایا جائے اور مارکیٹوں میں سرکاری ریٹ لسٹ پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے تاکہ عوام کو اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر دستیاب ہو سکیں۔ اجلاس میں **23** مارچ کی تقریبات کے انتظامات کے حوالے سے بھی امور زیر بحث آئے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعلیم اور یوتھ افیئرز کو تقریبات کے انعقاد کے سلسلے میں ضروری انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، ڈی **a** ایم او آئی ایم یو، اسسٹنٹ کمشنرز، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز، ٹی ایم اوز، لوکل گورنمنٹ، جی ڈی اے، واسا، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، یوتھ افیئرز، سپورٹس، لائیوسٹاک، زراعت، پاپولیشن ویلفیئر، سی اینڈ ڈبلیو، تحصیلداران، نائب تحصیلداران اور دیگر متعلقہ ضلعی محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بروقت، معیاری اور شفاف خدمات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔

بقیہ 13 ہدایات

کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف و انسانی حقوق) اسد محمود لودھی نے ماہِ مقدس رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے مقصد سے کوٹکے اور اس کے نواحی بازاروں کا دورہ کیا اور مختلف دکانوں کا معائنہ کیا۔ دورانِ معائنہ سرکاری نرخ نامے اور دیگر احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ مختلف دکانوں پر مجموعی طور پر **18** ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ ایکسپائر شدہ اشیا برآمد ہونے پر انہیں موقع پر ہی تلف (ضائع) کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ متعدد دکانداروں کو آئندہ کے لیے سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ایسی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں

بقیہ 14 رکاوٹ

انصاف کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے۔

بقیہ 15 فرض

الرٹ رہنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر دو تھانہ جات اپنے اپنے تھانہ کی حدود میں مصروف ترین سڑکوں پر گشت کا سلسلہ بڑھائیں چوبیس گھنٹے گشت ہونا چاہئے اسی طرح دونوں تھانہ جات کو ضرورت کے مطابق گشت کے لئے پرائیویٹ گاڑیوں کے استعمال کی بھی اجازت دے دی اور کہا کہ عید کے موقع پر ملک بھر سے اپنے گھروں کو واپس آنے والوں کو محفوظ راستوں کی فراہمی پولیس کا فرض ہے

بقیہ 16 زینت

سے وہ مارچ سے فروری تک وزیراعلیٰ رہے۔ ان کی دس ماہ کی وزارتِ اعلیٰ کے دوران اردو کو صوبے کی سرکاری زبان کا درجہ دینا، جمعہ کی چھٹی کا نفاذ، خواتین کے پردے کی حوصلہ افزائی، احترامِ رمضان آرڈیننس، شلوار قمیض کو سرکاری لباس قرار دینا، سود، جوئے، شراب اور جہیز کی لعنت پر پابندی جیسے کئی قابلِ تعریف اسلامی اقدامات کیے گئے۔ چیف منسٹر ہاس کے دروازے عوام کے لیے ہر وقت کھلے رہتے تھے اور عصر سے رات دیر گئے تک کا وقت ملاقاتیوں کے لیے مختص تھا۔ میں پاکستان کی تحریکِ ختمِ نبوت میں بھی مفتی محمود پیش پیش تھے، جس کے نتیجے میں پارلیمنٹ نے قادیانیت کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا، اور مفتی صاحب کا مرزا ناصر احمد سے قومی اسمبلی میں ہونے والا تاریخی مکالمہ آج بھی کتابوں کی زینت ہے۔

بقیہ 17 اقدامات

سخت اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو نقل کی حوصلہ شکنی کے لئے انتہائی قدم اٹھاں گا کیونکہ نقل کی وجہ سے ذہین اور فطین طلبا پیچھے رہ جاتے ہیں عنایت اللہ وسیم نے کہا کہ ایبٹ آباد بورڈ کو صوبہ خیبر پختونخوا کا مثالی بورڈ بنانے کے لئے بھرپور کردار ادا کروں گا

بقیہ 18 اجلاس

فاطمہ کی زیرنگرانی ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں انجمن تاجران ہزارہ کے نائب صدر ملک شکیل اعوان، چیئرمین انجمن تاجران رضا محمد خان، ہوٹل ایسوسی ایشن کے رہنما اخلاق خان سمیت مختلف تاجر و کاروباری تنظیموں کے عہدیداران نے شرکت کی۔ شرکا نے موجودہ صورتحال پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے درپیش مسائل اور ممکنہ حل پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ثنا فاطمہ نے تاجروں سے اپیل کی کہ وہ پیٹرولیم مصنوعات کے موجودہ بحران پر قابو پانے کے لیے حکومتی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر حضرات اپنی کاروباری سرگرمیوں کے دوران جنریٹرز اور دیگر پیٹرول سے چلنے والی مشینری کا استعمال کم سے کم کریں تاکہ ایندھن کی بچت ممکن ہو سکے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ تاجر برادری انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کرے تاکہ پیٹرول کی دستیابی اور اس کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 19 ہدایت

رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ناجائز منافع خوری اور عوام کا استحصال ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے تمام دکانداروں کو ہدایت کی کہ نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں رکھا جائے اور اشیائے خوردونوش مقررہ سرکاری ریٹ کے مطابق فروخت کی جائیں بصورت دیگر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور منصفانہ قیمتوں کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے، بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر غازی جنید آفتاب نے تحصیل غازی میں پیٹرول پمپوں کی انسپکشن کی، انسپکشن کے دوران پیٹرول کا سٹاک، پرائس اور گیج چیک کیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر غازی نے پیٹرول پمپ مالکان کو سختی سے ہدایت کی کہ عوام کو پیٹرول کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے، زائد قیمتوں پر پیٹرول نہ فروخت کیا جائے اور ذخیرہ اندوزی سے اجتناب کیا جائے۔

بقیہ 20 سپردخاک

گئی اور سپرد خاک کر دیا گیا، گل جان خان نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی جبکہ لواحقین کیلئے صبر و جمیل کی خصوصی دعا کی۔

بقیہ 21 ہدایت

افسران کو ہدایت کی گئی کہ کھلے نالوں کو فوری طور پر ڈھانپا جائے اور تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے تاکہ ٹریفک کی روانی بہتر ہو اور عوام کو درپیش مشکلات کم کی جا سکیں۔

بقیہ 22 شخصیات

ڈی ایس پی ٹریفک ہری پور فیصل حفیظ، ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ خانپور مشتاق خان کے علاوہ سماجی شخصیات راجہ ناصر جنگ، سابق امیدوار برائے چیئرمین تحصیل خانپور راجہ شہاب سکندر، سابق ممبر ڈسٹرکٹ کونسل ملک حکمداد آف درہ، سابق کونسلر ایاز محمد جازی، معروف کاروباری شخصیات حاجی محمد لیاقت، حاجی ساجد محمود، پٹواری زاہد رشید، دلاور خان جدون، کونسلر چوہدری محمد نعیم، پوسٹ ماسٹر خانپور پوسٹ آفس بابو محمد جمیل، راجہ ندیم و صدر خانپور ویلفیئر سوسائٹی محمد ضیا الدین احمد، حاجی سکندر زمان آف شادی، قاضی سیف الرحمٰن، ایڈووکیٹ جمیل اختر، محمد عامر قریشی جبکہ ماہرین تعلیم سابق پرنسپل خالد محمود مغل، ماسٹر جاوید حمید، ماسٹر عبدالطیف اور ماسٹر عطاالرحمٰن سمیت درجنوں دیگر مقامی افراد نے شرکت کی۔ پرتکلف دعوت افطار پر شرکا نے مقامی صحافتی تنظیم ایکسپوز نیوز کے ذمہ داران و میزبانوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 23 ڈی آئی جی

دے چکے ہیں جنہیں ڈی آئی جی ہزارہ نے بہترین کارکردگی پر ان کو شیلڈ اور نقد انعام دیا

بقیہ 24 ہدایات

قصابوں کو جرمانے کئے اور ان کو ہدایات دیں کہ فوری طور پر چلے جائیں دوبارہ ان کے خلاف **14** فارن ایکٹ کے مقدمات قائم کئے جائیں گے

بقیہ 25 سیاہ دور

کا حکم دے دیا تیرہ سالہ سیاہ دور میں صرف تباہی اور کرپشن ہی دیکھنے کو ملی ممتاز سیاسی رہنماء محمد اسلم تنولی جبہ الیاس، سید امتیاز علی شاہ سابق امیدوار حلقہ پی کے **38** نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے صوبہ کے پی کے میں صرف کرپشن رشوت بدعنوانی کو ہی فروغ دیا صوبہ کا انفراسٹرکچر تباہ کرتے ہوئے اب تعلیم کو تباہ کرنے کے لئے پہلے فرض شناس ضلع افسران کو تبدیل کرتے ہوئے جونیئرز کے حوالہ کیا اب ہفتہ میں صرف چار دن تعلیم دینے کے احکامات جاری کر کے عوام دشمنی کا ثبوت دے دیا کے پی کے میں ناکام ترین بلدیاتی دور بھی پی ٹی آئی کی عوام اور صوبہ دشمن پالیسی کا مظہر ہے صوبائی حکومت فوری طور پر جمعہ اور ہفتہ کی چھٹیوں کا نوٹیفکیشن واپس لے

بقیہ 26 فیصلہ کن

کے لئے فیصلہ کن مرحلہ شروع کریں گے جس میں آن گراؤنڈ احتجاج ہوگا

بقیہ 27 سوشل میڈیا

ہے کہ بعض لوگ سوشل میڈیا پر پیجز بنا کر صرف موبائل فون کے ذریعے خود کو صحافی ظاہر کرتے ہیں، حالانکہ وہ کسی مستند ادارے یا تنظیم سے وابستہ نہیں ہوتے۔ حکومت اس صورتحال کو بہتر بنانے اور صحافت کے پیشے کو منظم کرنے کے لیے جلد پریس کلب ایکٹ متعارف کرانے جا رہی ہے۔ اس حوالے سے ہری پور سمیت مختلف اضلاع کے صحافیوں نے صوبائی حکومت کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے پیشہ ور صحافت کو فروغ ملے گا اور غیر ذمہ دارانہ سوشل میڈیا صحافت کی حوصلہ شکنی ہوگی۔ صحافیوں نے مطالبہ کیا کہ جو افراد سوشل میڈیا پیجز بنا کر خود کو صحافی ظاہر کرتے ہیں لیکن کسی پریس کلب یا صحافتی یونین سے رجسٹرڈ نہیں، نہ ہی ان کا ادارہ پیمرا یا محکمہ اطلاعات کے ساتھ رجسٹرڈ ہے، ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے ہری پور میں مادر پدر آزاد سوشل میڈیا کیا استعمال کی متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں پشاور میں مقامی صحافیوں کے مطابق اس اقدام سے صحافتی برادری کو درپیش مسائل میں کمی آئے گی اور مستند صحافت کو مزید مضبوطی ملے گی۔

بقیہ 28 شرکت

عارف، کامران عارف، ارسلان عارف کے چچا مولوی صالحین، پرویز خان اور احمد خان سواتی کے برادر نسبتی صابر حسین طویل علالت کے بعد گزشتہ روز کنگ عبداللہ ہسپتال میں وفات پا گئے جن کی نماز جنازہ گزشتہ روز سانڈے سر میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں ہر مکتبہ فکر شخصیات کے علاوہ بڑی تعداد عوام نے شرکت کی اللہ پاک مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے

بقیہ 29 یقین دہانی

میں علماء کرام کے کردار کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، فرقہ واریت اور ہیٹ سپیچ کے خاتمے اور معاشرے میں بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے علماء کرام اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مسجد و ممبر کے ذریعے عوام میں ہم آہنگی، رواداری، مساوات اور باہمی احترام کا پیغام عام کیا جائے تاکہ معاشرے میں اتحاد اور امن کو فروغ دیا جا سکے۔ اجلاس میں یومِ علیؓ کی شہادت کے موقع پر کیے جانے والے انتظامات اور ضلع میں امن و امان کی مجموعی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد ہارون رشید خان نے اجلاس کے شرکاء کو موجودہ سکیورٹی صورتحال اور امن وامان کے قیام کے حوالے سے بریفنگ دی۔ انہوں نے علماء کرام پر زور دیا کہ وہ جمعہ کے خطبات اور مساجد کے ذریعے عوام میں برداشت، رواداری اور باہمی ہم آہنگی کا پیغام عام کریں۔ انہوں نے کہا کہ جلسوں اور جلوسوں کے دوران قانون کی عملدراری اور قانون کے احترام کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ امن وامان کے قیام اور انتظامی امور میں بہتری ممکن بنائی جا سکے۔ اس موقع پر علماء کرام نے معاشرتی اصلاح، اسلامی تعلیمات کے فروغ اور امن و امان کے قیام کے لیے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ 30 حکومت

دوران صوبائی حکومت کی جانب سے عوام کو رمضان المبارک میں **12500** سو روپے جہیز کیش کروانے کے دوران اضافی رقم لینے پر ایک دوکان کو بھی سیل کیا گیا اس موقع پر تحصیدار بشیر خان و دیگر بھی انکے ہمراہ تھے اسکی خبر بنانی ہے

بقیہ 31 مانیٹرنگ

کیے جانے والے مواد اور کونٹس کی باقاعدہ سکروٹنی اور مانیٹرنگ کی جائے گی، سوشل میڈیا پر مسلک کی دل آزاری، اداروں کی تزلیل و تضحیک کی غیرض سے اشتعال انگریز/تضحیک آمیز مواد شیئر کرنے والوں کی نشاندہی کر کے تعزیرات پاکستان / مینٹیننس پبلک آرڈر **1960** کے تحت بلا تفریق قانونی کاروائیاں جاری ہیں، آئیں سب مل کر اپنے ضلع کو امن بھائی چارے اور خوشحالی کی مثال بنائیں، پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کریں، غیر زمہ دارانہ اشتعال انگیز یا فرقہ وارانہ مود کی تشہیر سے گریز کریں، اپنے مستقبل کو بچائیں۔

بقیہ 32 ضبط

کی گئی اور ان کا سامان ضبط کر لیا گیا۔ یہ کارروائی انکروچمنٹ آفیسر محمد اقبال کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر رکھا گیا اضافی سامان بھی تحویل میں لے لیا گیا۔ ٹی ایم اے حکام کا کہنا ہے کہ شہریوں کو آمدورفت میں سہولت فراہم کرنے اور بازاروں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 33 بھیک

کر ہمیں قرض کی بھیک دینے والے ممالک حیران اور پریشان ہیں۔ انہوں نے ایک سوال پر کہا کہ اب تو پاکستان کو قرض کی بھیک دینے والا **IMF** بھی ہمارے حکمرانوں اور سیاست دانوں کو سادگی اور کفایت شعاری اپنانے کے ساتھ کرپشن کے خاتمے کی وارننگ دیتا آ رہا ہے۔

**بقیہ 34 پ

اوگی۔آل پارٹیز وفد پولیس حکام سے ملاقات کر رہا ہے

والدین اپنے بچوں کا بروقت داخلہ کرائیں، پرنسپل محمد اسلم تنولی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) والدین اپنے بچوں کا بروقت داخلہ کرائیں حکومت کی جانب سے تعلیمی وقت کم کر دیا گیا ہے بچوں کی سکول میں حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ محمد اسلم تنولی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی جانب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

محکمہ مال کے فیلڈ اسٹاف کے درپیش مسائل حل کرنے کی ضرورت ہے

پٹوار سرکل میں فرائض انجام دینے والے اہلکار دن رات کام کر رہے ہیں، جاوید اقبال، رضا محمد پٹواری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) گرداور جاوید اقبال صدر انجمن پٹواران و قانون گویان ضلع مانسہرہ، تحصیل صدر کے پٹواری جاوید اقبال اور رضا محمد پٹواری نے گزشتہ روز میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور مختلف انتظامی و پیشہ ورانہ مسائل پر تفصیلی بات چیت کی۔اس موقع پر گرداور جاوید اقبال کا کہنا تھا کہ پٹوار سرکل میں فرائض انجام دینے والے اہلکار عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے دن رات کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ مال کے فیلڈ اسٹاف کو درپیش مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کی ضرورت ہے تا کہ عوام کو بروقت اور شفاف خدمات فراہم کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

مانسہرہ ' گرداور جاوید اقبال صدر انجمن پٹواریان رضا محمد پٹواری اورجاوید اقبال پٹواری بریفنگ دیتے ہوئے

بلدیات کے ساتھ کھلواڑ کرنا کے پی حکومت کی عوام دشمنی ہے

عوام حکومت کا اپنے ووٹ کے ذریعے احتساب کرے گی، سابق چیئرمین وی سی تر ہیڑی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) کے پی کے میں بلدیات کا ناکام ترین دور اختتام پذیر ہوا بلدیات کو فنڈز نہ دے کر کیا کے پی کے حکومت پریس ریلیز کرے گی فنڈز فراہم نہ کرنے کی وجہ کیا تھی سابق چیئرمین وی سی تر ہیڑی محمد نوید تنولی نے کہا ہے کہ کے پی کے میں تاریخ کے پہلے ناکام ترین بلدیات کا دور اختتام پذیر ہوا ہے جو کہ کے پی کے حکومت کی عوام دشمنی کا واضح ثبوت ہے کے پی کے حکومت کیا اپنی جانب سے کے پی کے میں بلدیات کو ناکام ترین دور کے اختتام پر کیا پریس ریلیز کرے گی کیا اپنی اس عوام دشمن ترقی وتعمیرات دشمن پالیسی پر قوم سے معافی مانگے گی دوسری جانب عوام الناس بھی اپنے منتخب کردہ بلدیاتی نمائندوں کو صوبائی حکومت کی جانب سے بے اختیار اور فنڈ فراہم نہ کرنے پر کیا حکومت سے اپنے ووٹ کے ذریعے احتساب کرے گی اسی طرح اب دوبارہ پی ٹی آئی کی جانب سے اگر بلدیاتی انتخابات کا ڈھونگ رچانے کی کوشش کی گئی تو عوام بائیکاٹ کرے گی کیونکہ کے پی کے کو تجربہ گاہ بنا رکھا ہے جس کی وجہ سے تیرہ سالوں سے صوبہ میں کوئی ترقیاتی کام نہ ہو سکے کرپشن ، رشوت ، اقربا پروری ، ظلم ، ناانصافی کو ضرور فروغ ملا ہے پی ٹی آئی نے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لئے جو منشور پیش کیا تھا عملاً سب اس کے متضاد کیا کوہستان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ ایبٹ آباد ذکی فاطمہ زمنگ کورحویلیاں کے دورے کے موقع پر

تعلیم کے فروغ کے لئے ہر ممکنہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، محمد اسلم

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تعلیم کے فروغ کے لئے ہر ممکنہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں والدین کی جانب سے تعاون ہونے پر طلباء اپنے روشن مستقبل کو ضرور پالیں گے پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

تھانہ جات گشت کا سلسلہ بڑھا کر عوام کو تحفظ فراہم کریں، ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ

پھلڑہ (نمائندہ شمال) عید آمد کے موقع پر ہر دو تھانہ جات اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں گشت کا سلسلہ بڑھاتے ہوئے عوام کو تحفظ فراہم کریں ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیاء نے ایس ایچ او تھانہ پھلڑہ اور نگریب تنولی اور ایس ایچ او (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

گاندھیاں افطار پارٹی کے موقع پر خان جی سرکار نوید انجم اور بابر سلیم سواتی کے ہمراہ

افغانی مہاجرین کے خلاف کاروائی متعدد دکانیں سیل کر دیں

جیز کیش کروانے کے دوران اضافی رقم لینے پر ایک دوکان کو بھی سیل کیا گیا ہے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر ثنا فاطمہ کی افغانی مہاجرین کے خلاف کاروائی متعدد دکانیں سیل کر دی، لینڈ اباز ار اور مرکزی جامع مسجد کے قریب افغانی مہاجرین کی جانب سے حکومت حکومتی احکامات کی خلاف وزی کرنے کے دوران غیر قانونی طور پر کاروبار جاری رکھنے پر کاروائی کرتے ہوئے دکانیں سیل کئی اس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

ڈی پی او ہری پور کا دیگر کے ہمراہ سوشل میڈیا مانیٹرنگ سیل کا دورہ

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا منفی استعمال قانونی جرم ہے، مثبت استعمال کرنے کی ہدایت

ہری پور (جنرل رپورٹر) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کا ہمراہ ڈی ایس پی سٹیشن برانچ فہیم شاہ اور ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز تنویر احمد کے سوشل میڈیا مانیٹرنگ سیل کا دورہ کیا، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا منفی استعمال قانونی جرم ہے، سوشل میڈیا مانیٹرنگ سیل کا مقصد ہری پور میں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز (فیسبک، انسٹاگرام، ٹیوٹر ایکس اور یوٹیوب) کڑی نگرانی رکھنے کی ٹاسکنگ، تمام سوشل میڈیا پلیٹ فامرز پر شیئر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

ٹی ایم اے نے متعدد ریڑھی بانوں اور دکانداروں کا سامان ضبط کر لیا

مختلف بازاروں اور سڑکوں پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا، کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) ٹی ایم اے مانسہرہ کے اہلکاروں نے شہر میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد ریڑھی بانوں اور دکانداروں کا سامان ضبط کر لیا۔تفصیلات کے مطابق 22ویں رمضان المبارک کے دوران ٹی ایم او مانسہرہ ملک فہراست اعوان کی ہدایت پر شہر کے مختلف بازاروں اور سڑکوں پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ اس دوران فٹ پاتھوں پر قبضہ جما کر کاروبار کرنے والے ریڑھی بانوں اور تھڑا فروشوں کے خلاف کارروائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

سیاستدان ملک کو قرض کی لعنت سے کیوں نہیں نکال رہے

حکمران سیاستدان شاہی جبکہ غریب عوام پستی کی زندگی گزار رہے ہیں، صلاح الدین

بجنہ (نامہ نگار) پاکستان جیسی ایٹمی طاقت والے ملک کو سیاست دان قرض کی لعنت سے کیوں نہیں نکال رہے۔ یہ بات سینیئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے دنیائے اسلام کی واحد ایٹمی اسلامی طاقت والے ملک کے حکمرانوں و سیاست دانوں کو شاہی زندگی گزارتے جبکہ ملک کو قرض کی لعنت اور عوام کو غربت کی چکی میں پستے دیکھ کر شمال کو بتائی۔انہوں نے کہا کہ جس طرح ہمارے حکمرانوں، سیاست دانوں اور بیوروکریٹ کی زندگی گزارنے کا شاہانہ انداز ہے اس کو دیکھ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

اوگی میں تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ ریلی کے حوالے اہم میٹنگ

آل پارٹیز نے ڈی ایس پی اوگی اور ایس ایچ او اوگی کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کیا

اوگی (نامہ نگار) اوگی میں تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ ریلی کے حوالے سے آل پارٹیز کی پولیس حکام کے ساتھ اہم میٹنگ منعقد ہوئی۔آل پارٹیز کی جانب سے 15 مارچ کو اوگی میں منعقد ہونے والی تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ ریلی انتظامات کے سلسلے میں ڈی ایس پی اوگی اور ایس ایچ او اوگی کے ساتھ ایک اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔میٹنگ میں وزیر خان سواتی، مومن عثمانی، قاضی محمود سمیت دیگر رہنماں اور نمائندگان نے شرکت کی۔اس موقع پر ریلی کے انتظامات، سکیورٹی اور روٹ کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔پولیس حکام نے شرکا کو یقین دہانی کرائی کہ ریلی کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے تا کہ پروگرام پرامن طریقے سے منعقد ہو سکے۔شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ کے حوالے سے منعقد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل بٹگرام ضیاء الرحمٰن سرکاری ریٹ پر اشیاء خورونوش کی قیمتوں کا معائنہ کر رہے ہیں

مانسہرہ ' سابق تحصیل ناظم خرم حنیف کے فرزند قاسم حسین سینئر صحافی شیخ نذیر ' مسعود شوق ' منظور سرحدی و دیگر

کنگ عبداللہ ہسپتال میں نئے ایم ایس ڈاکٹر جواد مجید سواتی تعینات

نئے ایم ایس سے شہریوں، مریضوں اور ان کے لواحقین نے نئی امیدیں وابستہ کر لی ہیں

مانسہرہ (شیخ نزیر سے + محمد نعیم سے) کنگ عبداللہ ہسپتال میں نئے ایم ایس ڈاکٹر جواد مجید سواتی تعینات۔ تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کنگ عبداللہ ہسپتال کے نئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کے طور پر ڈاکٹر جواد مجید سواتی کی تعیناتی کے بعد شہریوں، مریضوں اور ان کے لواحقین نے امیدیں وابستہ کر لی ہیں کہ ہسپتال کے انتظامی اور طبی مسائل میں بہتری آئے گی۔ اس موقع پر شہریوں کا کہنا تھا کہ ہسپتال میں کئی عرصے سے مختلف مسائل موجود ہیں جن میں ادویات کی فراہمی، عملے کی کارکردگی اور مبینہ کمیشن مافیا کی سرگرمیاں شامل ہیں۔شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ نئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

اسلامی جمعیت طالبات پاکستان کا سالانہ اجلاس کراچی میں جاری

پھلڑہ (بیورو چیف) اسلامی جمعیت طالبات پاکستان کا سالانہ اجلاس کراچی میں جاری اسلامی جمعیت طالبات پاکستان کا مرکزی اجلاس برائے سالانہ منصوبہ بندی سیشن 2025-26 ادارہ نورِ حق کراچی میں جاری ہے۔ نو منتخب ناظمہ اعلیٰ اسلامی جمعیت طالبات پاکستان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

مانسہرہ ' عبدالستار ایدھی فاؤنڈیشن کے رضا کار بازار میں مستحقین کیلئے فطرانہ مہم کے دوران فطرانہ اکٹھا کرتے ہوئے

مولانا فضل الرحمٰن ہر بات آئین وقانون کے دائرے میں کرتے ہیں، ثاقب شاہ بخاری

پھلڑہ (نمائندہ شمال) نظریاتی اختلاف اپنی جگہ لیکن موجودہ وقت میں جب پارلیمانی اراکین ایوان میں بات کرتے ہیں تو صرف مولانا فضل الرحمان کی تقریر سے یوں لگتا ہے کہ کوئی سیاست دان نہیں بلکہ سیاست کا سلطان بات کرتا ہے۔مولانا سید ثاقب شاہ بخاری مانسہرہ نے کہا ہے کہ اللہ پاک نے مولانا فضل الرحمان کو جو شائستہ لب ولہجہ دیا ہے اور جو سیاسی و دینی بصیرت دی ہے وہ دنیا کے کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔ ہر بات کو نہ صرف آئین و قانون کے دائرے میں کرتا ہے بلکہ ہر بات میں اسلام کی بالادستی بھی نظر آتی ہے۔ جب کوئی سخت دھمکی آمیز بات کرتا ہے تو لہجہ اس وقت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ کا زمنگ کور حویلیاں کا دورہ

طلبہ اور اساتذہ کی حاضری، کلاس رومز کی صورتحال اور کچن کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ ایبٹ آباد از کی فاطمہ نے زمنگ کور حویلیاں کا دورہ کیا۔دورے کا مقصد ڈسٹرکٹ سروس ڈلیوری (DSD) انڈیکیٹرز کے تحت ادارے کی کارکردگی اور فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے طلبہ اور اساتذہ کی حاضری، کلاس رومز کی صورتحال اور کچن کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔انہوں نے ادارے میں موجود بچوں سے ملاقات بھی کی اور ان سے سحری اور افطاری کی فراہمی سے متعلق دریافت کیا تا کہ بچوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں آگاہی حاصل کی جا سکے۔اس موقع پر ادارے کی انتظامیہ نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو عید کے حوالے سے طلبہ کے لیے ترتیب دیے گئے منصوبوں اور سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر از کی فاطمہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ بچوں کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دی جائے اور خوراک، رہائش اور دیگر بنیادی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں تا کہ بچوں کو محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے۔

مدت پوری، بلدیاتی نظام اختیارات ڈی سی کے سپرد کئے جانے کا امکان

کے پی کے میں بلدیاتی براہ نام حکومتوں کی مدت پندرہ مارچ 2026 کو مکمل ہو جائے گی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) کے پی کے میں ناکام ترین بلدیاتی نظام گزشتہ روز ختم اختیارات ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کے سپرد کئے جانے کا امکان، کے پی کے میں بلدیاتی براہ نام حکومتوں کی مدت پندرہ مارچ 2026 کو مکمل ہو جائے گی جس کے بعد صوبہ بھر میں تحصیل میئر اور چیئرمینوں کے اختیارات ختم ہو چکے ہیں بلدیاتی نمائندوں کو فراہم کی گئی سیکورٹی اور سرکاری گاڑی بھی واپس لے لی جائے گی بلدیاتی نظام کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

اسرائیل ایران جنگ دنیا سے توانائی، رزق اور انسانیت کو ختم کر رہی ہے

بجنہ (نامہ نگار) اسرائیل اور ایران جنگ دنیاں سے توانائی، رزق اور انسانیت کو ختم کر رہی ہے۔ یہ بات سماجی رہنما آصف کریم خان نے حالیہ اسرائیل اور ایران جنگ کو پیٹرول اور گیس کی کمی کے ساتھ اب رزق اور معاش کے خاتمے پر دنیاں بھر کی انسانی جانوں کو بھوک اور افلاس کا سامنا کرتے دیکھ کر کہی۔انہوں نے کہا کہ حالیہ جنگ میں ایک طرف اسرائیل اور امریکہ نے جنگی، اخلاق اور انسانی حقوق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

اسد محمود لودھی نے ڈسٹرکٹ جیل مانسہرہ کا تفصیلی دورہ کیا

وہاں پر قیدیوں کو میسر سہولیات اور انسانی حقوق کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریلیف اینڈ ہیومن رائٹس) اسد محمود لودھی نے ڈسٹرکٹ جیل مانسہرہ کا تفصیلی دورہ کیا تا کہ وہاں موجود قیدیوں کو میسر سہولیات اور انسانی حقوق کی صورتحال کا جائزہ لیا جا سکے۔دورے کے دوران انہوں نے جیل کی بیرکوں، کچن، ہسپتال اور صفائی ستھرائی کے نظام کا معائنہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کو بھی جانچا جا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے قیدیوں سے براہِ راست ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور جیل انتظامیہ کو سخت ہدایات جاری کیں کہ قیدیوں کو پینے کے صاف پانی، متوازن خوراک اور علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔انہوں نے کچن میں خوراک کی تیاری کے عمل کا معائنہ کرتے ہوئے حفظانِ صحت کے اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

مانسہرہ ' ٹی ایم اے اہلکار بازار سے غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کر رہے ہیں

اہل سنت والجماعت کے ریالہ کے زیر اہتمام ماں بیٹا کانفرنس کا انعقاد

باقاعدہ اغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کی سعادت حضرت مولانا عطر نے حاصل کی

باڑیاں (خالد عباسی) اہل سنت والجماعت کے ریالہ کے زیر اہتمام ماں بیٹا کانفرنس 21 رمضان 22ویں شب بمقام مرکز اہل سنت جامع مسجد عائشہ صدیقہ صدیق اکبر چوک ریالہ میں منعقد ہوئی جس کا باقاعدہ اغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کی سعادت حضرت مولانا عطر نے حاصل کی سیکرٹری کے فرائض قاری نظام الدین دامت برکاتہ الاولیا اور حافظ اظہر نے سرانجام دیے باقی جو خطبا میں حافظ عمران حیدری حافظ عمران معاویہ قاری عبدالباسط مولا عبدالکریم اور اللہ تعالی اپ کو بلا فرمائے دیگر علما نے خطاب فرمایا مہمان خصوصی نعت خواں حافظ طاہر رشید رشیدی پنڈی سے تشریف لائے جنہوں نے اپنے کلام سے محفل کو منور فرمایا اور محفل میں چار چاند لگائے لوگوں کے دلوں کو جذبات کو گرمایا اور آخر میں صدر اعلی یونٹ مولانا عامر ستی نے تمام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

مانسہرہ' سابق پارلیمانی وزیر حاجی صالح محمد خان میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

مجلس عزا مرکزی امام بارگاہ حسینی مفتی آباد میں منعقد ہوئی

شہادت امام حضرت مولا علیؑ کے موقع پر ضلع بھر سے فقہ جعفریہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی

مانسہرہ (سٹی رپورٹر + چیف کرائم رپورٹر) فقہ جعفریہ کے زیر اہتمام 21 رمضان المبارک شہادت امام حضرت مولا علی علیہ السلام کے موقع پر مجلس عزا مرکزی امام بارگاہ حسینی مفتی آباد میں منعقد ہوئی، جس میں ضلع بھر سے فقہ جعفریہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر مجلس عزا سے خطاب کرتے ہوئے آغا تقی جعفری، متولی امام بارگاہ حسینی مانسہرہ سید تنویر شاہ، سید عابد حسین شاہ، سید بابر شاہ ایڈووکیٹ، سید حیدر شاہ ایڈووکیٹ و دیگر نے کہا کہ امام مولا علی علیہ السلام کی زندگی و شہادت امت مسلمہ کے لئے مشعل راہ ہے، اس وقت امت مسلمہ پر آزمائش کا وقت ہے، قبلہ اول فلسطین و ایران پر یہود و نصاری حملہ آور ہیں، لہذا تمام مسالک کو یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک امت واحد ہو کر یہود و نصاری کے شر سے محفوظ رہتے ہوئے ان کا مقابلہ کرنا ہے، اس موقع پر ماتمی دستہ سفر شام بیمار کربلا کے عزاداران حسین علیہ السلام نے ماتم، زنجیر زنی و سینہ کوبی کی، اختتام پر فلسطین و ایران سمیت دیگر اسلامی ممالک و پاکستان کی سلامتی، تعمیر و ترقی اور استحکام کے لئے اجتماعی دعا کی گئی، اس موقع پر ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

ایرانی صدر اور فوجی قیادت کی شہادتوں پر پورے عالم اسلام کو دکھ ہے

امریکہ و اسرائیلی جارحیت بین الاقوامی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، دلدار قریشی

مانسہرہ (سٹاف رپورٹر) امریکہ و اسرائیلی جارحیت بین الاقوامی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ دلدار قریشی سابق امیدوار جنرل کونسلر مانسہرہ سٹی نمبر 2 نوگزی مانسہرہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ و سرائیل نے بلا جواز جنگ ایران پر مسلط کی، ایرانی صدر اور فوجی قیادت کی شہادتوں پر پورے عالم اسلام کو دکھ ہے۔اس جنگ میں امریکہ و اسرائیل نے ایران کے سکولز، کالجز و اسپیں معصوم طلباء و طالبات پر وحشیانہ بمباری کر کے ہٹلر کی یاد تازہ کر دی۔ بنیادی انسانیت حقوق کی خلاف ورزی کی ۔ اقوام متحدہ کی خاموشی معنی خیز ہے۔مشرق وسطی کے اسلامی ممالک امریکی اڈوں میں تبدیل ہو گئے ۔ موجودہ جنگ سے ایران ہی نہیں مشرق وسطی کے تمام ممالک شدید متاثر ہو چکے ہیں ۔ اسرائیلی جان بوجھ کر مشرق وسطی کے ممالک پر حملے کر کے ایران کے ذمہ لگا رہا ہے جس سے عرب ممالک غلط فہمیاں پیدا کر کے نقصان پہچا رہا ہیا ور معدنی ذخائر پر قبضے کی یہ مزموم کوشش ہے۔ایرانی فوج بہادری سے لڑ رہی ہے جس پر ہم ایرانی فوج کے ساتھ کھڑے ہیں ۔ اس جنگ سے متاثر ہونے والوں میں پاکستان سرفہرست ہے۔ پٹرول کی قیمتوں میں راتوں رات اضافہ اسکا ایک ثبوت ہے پٹرول کا مہنگا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

صحت سہولت پروگرام کو مزید وسعت دی گئی ہے، عوام

ہری پور (چیف رپورٹر) خیبر پختونخوا حکومت کے صحت سہولت پروگرام کے حوالے سے ہری پور کے شہریوں کا کہنا تھا کہ صحت سہولت پروگرام کا آغاز دسمبر 2015 میں چار اضلاع مردان، مالاکنڈ، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم اور ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون الرشید خان علماء کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت کی جانب رمضان میں مہنگائی کا تحفہ دینا قابل افسوس ہے

عوام دشمن پالیسی رکھنے والوں کا انجام برا ہوتا ہے، عوامی و سماجی حلقوں کا اظہار خیال

پھلڑہ (نمائندہ شمال) حکومت کی جانب سے ماہ رمضان میں مہنگائی کا تحفہ دینا قابل افسوس ہے عوام دشمن پالیسی رکھنے والوں کا انجام برا ہوتا ہے عوامی و سماجی حلقوں نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے ماہ رمضان المبارک میں مہنگائی کا بوجھ ڈال کر رحمت والے ماہ مقدس میں عوام کی بددعائیں حاصل کر رہی ہے حکومت کی جانب سے اس وقت عوام دشمنی میں جہاں مہنگائی کے پہاڑ گرائے جا رہے ہیں وہاں پر بچوں کے ہاتھوں سے قلم بھی چھیننے کی پالیسی پر عمل شروع ہو چکا ہے ایران اسرائیل جنگ کی آڑ میں پٹرول کی قیمت بڑھانے کے ساتھ ساتھ عوام کے بچوں کو تعلیم سے بھی محروم کرنے پر عمل ہونا شروع ہو گیا ہفتہ میں تین دن سکولوں کو بند کرنا تعلیمی قتل ہے موجودہ حکومت کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

بالاکوٹ میں پیش آئے ایک افسوسناک واقعے کے بعد کشیدگی برقرار ہے

بے گناہ افراد کو گرفتار نہ کیا جائے اور صرف اصل ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بالاکوٹ میں پیش آئے ایک افسوسناک واقعے کے بعد کشیدگی برقرار ہے۔ اطلاعات کے مطابق پولیس اہلکار کی فائرنگ سے مجذوب نک ٹاکر جاوید مہانڈری جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کے بعد مشتعل افراد نے احتجاج کرتے ہوئے بالاکوٹ تھانے کو آگ لگا دی، جس کے نتیجے میں تھانے کی عمارت اور سامان کو نقصان پہنچا۔ پولیس نے واقعے کے بعد کارروائی کرتے ہوئے تقریبا ڈھائی ہزار نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے پکڑ دھکڑ کا سلسلہ شروع کر دیا۔سابق پارلمانی سیکرٹری و سابق ایم این اے حاجی صالح محمد خان نے بالاکوٹ کا دورہ کیا اور واقعے پر افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اعلان کیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)